Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14

ہفتہ 26 اگست 2023ء، 08 صفر المظفر 1445ھ، قیمت 20 روپے

شمارہ 120

ہائیکورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس کی سماعت ہوئی تو الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز طبیعت ناسازی کے باعث پیش نہ ہوئے اور معاون وکیل نے التوا مانگ لیا

توشہ خانہ کیس جو ٹرائل کورٹ نے کیا وہ ہم نہیں کرینگے اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو آج بھی ریلیف نہ مل سکا اور سماعت پیر تک ملتوی ہوگئی

لطیف کھوسہ نے کہا کہ بیس دن سے ایک شخص اندر ہے، معاون وکیل کا بھی وکالت نامہ موجود ہے، وہ دلائل دے سکتا ہے، آپ کا جونیئر جج جیل بھیج رہا ہے، یہ پیش نہیں ہو رہے تو کیا آپ سزا معطل نہیں کر سکتے؟

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس میں سزا معطلی کی درخواست پر چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کو آج بھی ریلیف نہ مل سکا اور سماعت پیر تک ملتوی ہوگئی۔ ہائیکورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس کی سماعت ہوئی تو الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز طبیعت ناسازی کے باعث پیش نہ ہوئے اور معاون وکیل نے التوا مانگ لیا۔ معاون وکیل نے کہا کہ آج امجد پرویز دستیاب نہیں، انکی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، انہیں دو دن کا آرام تجویز کیا گیا ہے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ یہ ضمانت کا معاملہ تھا، کون سا دلائل پر زیادہ وقت لگنا تھا۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ بیس دن سے ایک شخص اندر ہے، معاون وکیل کا بھی وکالت نامہ موجود ہے، وہ دلائل دے سکتا ہے، آپ کا جونیئر جج جیل بھیج رہا ہے، یہ پیش نہیں ہو رہے تو کیا آپ سزا معطل نہیں کر سکتے؟ چیف جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ آج ہم اس کیس کے لیے بیٹھے ہیں، ہم بھی وہ کام کر سکتے ہیں جو ٹرائل کورٹ نے کیا ہے، ہم نے سسٹم کو چلانا ہے، جو ٹرائل کورٹ نے کیا ہے وہ ایڈمنسٹریٹو سائیڈ پر دیکھیں گے، ہم پیر کو رکھ رہے ہیں۔ لطیف کھوسہ روسٹرم سے احتجاجاً چلے گئے اور کہا کہ پھر ہم نہیں آئیں گے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ پیر کو نہ آئے ریکارڈ دیکھ کر فیصلہ کریں گے، دو غلط ایک صحیح نہیں ہوتے، جو ٹرائل کورٹ نے کیا وہ ہم نہیں کرینگے۔ ایڈووکیٹ لطیف (بقیہ نمبر 1)

سائفر کیس، شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ میں مزید 3 روز کی توسیع

آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت نے شاہ محمود قریشی کو ایف آئی اے کے حوالے کر دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سائفر گمشدگی کیس، شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ میں مزید 3 روز کی توسیع کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم خصوصی عدالت میں سائفر گمشدگی کیس کی سماعت ہوئی، جج ابو الحسنات محمد ذوالقرنین نے (بقیہ نمبر 4)

9 مئی واقعات، عمران خان کیخلاف درج مقدمات میں مزید دفعات کا اضافہ

دفعات میں مجرمانہ سازش، فسادات کرانے اور ریاست کیخلاف جنگ پر اکسانے کے الزامات شامل ہیں

لاہور (خصوصی رپورٹر) 9 مئی واقعات، عمران خان پر بغاوت سمیت دیگر الزامات کا اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی مشکلات کم نہ ہوسکیں، 9 مئی واقعات پر عمران خان کیخلاف درج مقدمات میں مزید دفعات کا اضافہ کردیا (بقیہ نمبر 3)

ایکسچینج ریٹ کنٹرول کرنے کیلئے کوئی مصنوعی پالیسی اختیار نہیں کی جائے گی، شمشاد اختر

میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر اور آئی ایم ایف حکام کے درمیان ورچوئل میٹنگ ہوئی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کا کہنا ہے کہ ایکسچینج ریٹ کنٹرول کرنے کیلئے کوئی مصنوعی پالیسی اختیار نہیں کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر اور آئی ایم ایف حکام کے درمیان ورچوئل میٹنگ ہوئی۔ (بقیہ نمبر 2)

ترجمان کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان کی معاشی بحالی کیلئے آئی ایم ایف کے ساتھ شراکت داری کی بھی حوصلہ افزائی کی

نگران وزیراعظم سے ڈونلڈ بلوم کی ملاقات شفاف انتخابات کیلئے امریکی حمایت کا اعادہ

ترجمان امریکی سفارت خانہ ملاقات کے حوالے سے بتایا کہ نگران وزیراعظم سے مل کر خوشی ہوئی، امریکی سفیر نے صاف اور شفاف انتخابات کیلئے پاکستان کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا ہے

ترجمان امریکی سفارت خانہ کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان گرین الائنس کیلئے مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جبکہ اقلیتوں کے تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے پر بھی بات کی

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی ملاقات ہوئی ہے۔ ترجمان امریکی سفارت خانہ ملاقات کے حوالے سے بتایا کہ نگران وزیراعظم سے مل کر خوشی ہوئی، امریکی سفیر نے صاف اور شفاف انتخابات کیلئے پاکستان کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان امریکی سفارت خانہ کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان گرین الائنس کیلئے مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جبکہ اقلیتوں کے تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے پر بھی بات کی۔ ترجمان کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان کی معاشی بحالی کیلئے آئی ایم ایف کے ساتھ شراکت داری کی بھی حوصلہ افزائی کی۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی ملاقات ہوئی ہے۔ ترجمان امریکی سفارت خانہ ملاقات کے حوالے سے بتایا کہ نگران وزیراعظم سے مل کر خوشی ہوئی، امریکی سفیر نے صاف اور شفاف انتخابات کیلئے پاکستان کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان امریکی سفارت خانہ کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان گرین الائنس کیلئے مل کر کام کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جبکہ اقلیتوں کے تحفظ کیلئے مل (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعلیٰ انوار الحق کاکڑ اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں.........

نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے 15 اکتوبر کی تاریخ پر اتفاق ہوگیا

لندن (نیوز ڈیسک) نواز شریف کی وطن واپسی کی ایک اور تاریخ سامنے آگئی۔ مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کی وطن واپسی کیلئے 15 اکتوبر کی تاریخ پر اتفاق ہو گیا، سابق وزیراعظم کی وطن واپسی (بقیہ نمبر 6)

بیرون ملک آ کے یہ احساس ہوا ہے کہ ہمارا ملک کتنا پیچھے ہے، راشد محمود اعوان

حکمرانوں کی عیاشیوں اور شاہانہ زندگی اور مدمستیوں کا خمیازہ آج پوری قوم بھگت رہی ہے ایڈووکیٹ ملک

گوجر خان (قمر شہزاد) موجودہ حکومت اور سابقہ حکومت کی ملی بھگت سے عوام کے اوپر مہنگائی کا طوفان برپا کر دیا گیا ہے وہ عوام جو پہلے ہی مہنگائی کے طوفان کی زد میں تھے انہیں مزید پریشانی اور تکلیف میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ حکمرانوں کی عیاشیوں اور شاہانہ زندگی اور مدمستیوں کا خمیازہ آج پوری (بقیہ نمبر 7)

آرمی چیف سے ہارورڈ یونیورسٹی کے 38 طلبہ کی ملاقات، سیکیورٹی ایشوز پر بات چیت

پاکستان دہشت گردی کیخلاف مؤثر کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، عالمی برادری پاکستان کی قربانیوں کا ادارک کرے

پاکستان دہشت گردی کیخلاف مضبوط دیوار کی طرح کھڑا ہے، دنیا کو پاکستان کی قربانیوں کو تسلیم کرنا چاہیے، جنرل عاصم منیر

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) آرمی چیف کا کہنا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کیخلاف مضبوط دیوار کی طرح کھڑا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امریکہ کی ہارورڈ یونیورسٹی کے 38 طلبہ کے وفد نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے (بقیہ نمبر 13)

USAID
In Servic Trainin

اسلام آباد: الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ، اسلام آباد میں 11 روزہ دوران سروس ٹریننگ کا اختتام کیا

الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں 11 روزہ دوران سروس ٹریننگ کا اختتام کیا

اختتامی تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ٹریننگ / جینڈر میڈم نگہت صدیق نے تمام افسران کو مبارکباد دی اور ان پر زور دیا

الیکشن کمیشن آف پاکستان میں 29 نئے تعینات ہونے والے افسران کی دوران، سروس ٹریننگ آج مورخہ 25 اگست 2023 کو اختتام پذیر ہوئی۔

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں 29 نئے تعینات ہونے والے افسران کی دوران -سروس ٹریننگ آج مورخہ 25 اگست 2023 کو اختتام پذیر ہوئی۔ پاکستان الیکٹورل اکیڈمی فار ریسرچ اینڈ مینجمنٹ، الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ، اسلام آباد میں 1 (بقیہ نمبر 8)

چیئرمین قومی وطن پارٹی نے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس منگل کو طلب کرلیا

سابق وزیر داخلہ آفتاب احمد خان شیرپاؤ پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کریں گے

پشاور (جنرل رپورٹر) قومی وطن پارٹی کے چیئرمین آفتاب احمد خان شیرپاؤ نے پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی (سی ای سی) کا اجلاس منگل کو اسلام آباد میں طلب کر لیا۔ قومی وطن پارٹی کے (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی: پاکستان دہشتگردی کے خلاف مضبوط دیوار کی طرح کھڑا ہے، آرمی چیف کا خطاب

انور علی حیدر نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کا دورہ، ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات

نیول ہیڈکوارٹرز آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف نے معزز مہمان کا استقبال کیا اور پرنسپل اسٹاف آفیسرز سے تعارف کرایا

ملاقات کے دوران علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی صورتحال اور پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نگراں وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر نے نیول ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کا دورہ کیا اور چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی سے ملاقات کی۔ نیول ہیڈ کوارٹرز آمد پر چیف آف دی نیول اسٹاف نے معزز مہمان کا استقبال کیا اور پرنسپل اسٹاف آفیسرز سے تعارف کرایا۔ ملاقات کے دوران علاقائی میری ٹائم سیکورٹی صورتحال اور پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیول چیف نے وزیر دفاع کو پاک بحریہ کے کردار، صلاحیتوں اور مستقبل کے جدید کاری منصوبوں سے متعلق آگاہ کیا۔ انہوں نے نگراں وزیر کو ملک کے ناقابل تسخیر سمندری دفاع کو یقینی بنانے کے لیے حال ہی میں حاصل کردہ جدید ترین پلیٹ فارمز اور اثاثوں کے بارے میں بتایا۔ نیول چیف نے پاک بحریہ کے (بقیہ نمبر 12)

نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے سینیٹر عبدالغفور حیدری کی زیر قیادت جمعیت علماء اسلام کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری کی زیر قیادت جمعیت علماء اسلام کے 14 رکنی وفد نے ملاقات کی۔ جمعہ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وفد نے انوار الحق کاکڑ کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وفد کے بنگرام سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں نے چیئر لفٹ واقعہ (بقیہ نمبر 11)

مریم نواز سے برطانوی ہائی کمشنر کی جاتی امراء میں ملاقات

جین میریٹ اور مریم نواز میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف سے پاکستان میں نئی تعینات ہونے والی برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے جاتی امراء رائے (بقیہ نمبر 9)

بچوں کی اسمگلنگ اور اغوا کیخلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس کی سربراہی میں تین رکنی بینچ 31 اگست کو سماعت کریگا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ میں بچوں کی اسمگلنگ اور اغوا کیخلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا، چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 31 اگست کو سماعت کرے گا۔ رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے اہم کیس کی سماعت کیلئے اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرلز سمیت تمام (بقیہ نمبر 10)

سرکاری عہدیداروں کے موبائل ہیک اور حساس معلومات کے حصول کی کوشش بے نقاب

وزیراعظم آفس نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ غیر متعلقہ موبائل پیغام ملنے پر فوری کابینہ ڈویژن کو اطلاع دی جائے

سرکاری افسران کو چوکنا رہنے اور کسی بھی غیر متعلقہ میسج کا جواب نہ دینے کی ہدایت کر دی گئی ہے، وزیراعظم آفس کا اعلامیہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینئر سرکاری عہدیداروں کے موبائل فون ہیک اور حساس معلومات کے حصول کی کوشش بے نقاب کر دی گئی، موبائل ہیک اور حساس معلومات کے حصول کی کوشش سیکورٹی اداروں نے بے نقاب کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سینئر عہدیداروں کے نام پر (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد: نگراں وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) انور علی حیدر، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی ملاقات کر رہے ہیں

سیالکوٹ میں منشیات فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا آغاز

سیالکوٹ (کرائم رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ محمد حسن اقبال نے انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ضلع بھر میں موت کے سوداگر منشیات فروشوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا۔ ترجمان سیالکوٹ پولیس کے مطابق پولیس نے ضلع (بقیہ نمبر 16)

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں بحق، 10 زخمی ہو گئے

حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاشوں و زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا

ٹوبہ ٹیک سنگھ (جنرل رپورٹر) ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ٹریفک حادثے میں 4 افراد جاں بحق، 10 زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹوبہ ٹیک سنگھ کمالیہ روڈ پر ہائی ایس وین ٹائر پھٹنے سے ٹریکٹر ٹرالی (بقیہ نمبر 15)

ہمسایہ ملک چاند پر پہنچ گیا اور ہم سیاسی انتقام سے آگے نہیں نکلے، سراج الحق

امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک اس وقت مشکل وقت سے گزر رہا ہے، غریب مہنگائی سے تنگ ہیں اور خودکشیاں کر رہے ہیں

آج سے 3 دن قبل انڈیا نے چاند پر قدم رکھا ان کا مشن چاند کے زمین پر ایک ایسے علاقے میں موجود ہے جہاں پہلے کوئی نہیں پہنچا تھا

چیچہ وطنی (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ ہمسایہ ملک بھارت چاند پر پہنچ گیا ہے اور ہم سیاسی انتقام سے آگے نہیں نکل پا رہے۔ چیچہ وطنی میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ پاکستان اس وقت ایک بہت بڑے آزمائش سے (بقیہ نمبر 17)

لاہور: ن لیگ کی سینئر نائب صدر مریم نواز سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات

ڈالر 28 پیسے مزید مہنگا ہو کر تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستانی روپیہ کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں اضافے کا تسلسل برقرار۔ جمعہ کو کرنسی ڈیلرز کے مطابق انٹربینک میں ڈالر 28 پیسے مہنگا ہو کر 300 روپے 50 پیسے کی تاریخی سطح پر جا پہنچا، جو ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔ اس سے قبل 11 مئی کو (بقیہ نمبر 19)

کے الیکٹرک عملے پر مبینہ تشدد، تاجر رہنما اور ساتھیوں کیخلاف مقدمہ درج

مقدمے میں ٹمبر مارکیٹ کے صدر شرجیل گوپلانی اور 25 سے 30 نامعلوم افراد کو نامزد کیا گیا ہے

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی میں کنکشن منقطع کرنے کیلئے جانے والے کے الیکٹرک کے عملے پر مبینہ تشدد کا مقدمہ تاجر رہنما اور ساتھیوں کے خلاف عیدگاہ تھانے میں درج کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقدمہ کے الیکٹرک کے منیجر طاہر علی کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے، مقدمے میں ٹمبر مارکیٹ کے صدر شرجیل گوپلانی اور 25 سے 30 نامعلوم افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں جان سے مارنے کی دھمکی اور ہنگامہ آرائی سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں۔ دوسری جانب تاجر تنظیموں نے شرجیل گوپلانی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے جبکہ تاجر (بقیہ نمبر 18)

بچوں کی سمگلنگ، اغواء کے خلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) سپریم کورٹ میں بچوں کی سمگلنگ، اغواء کے خلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ میں بچوں کی سمگلنگ اور اغواء کے خلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 24)

راولپنڈی میں بارش، مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص جاں بحق

ملبے سے خاتون اور دو بچوں کو زخمی حالت میں نکال کر اسپتال منتقل کر دیا گیا، ریسکیو حکام

راولپنڈی میں بارش کے دوران چھت گرنے کا واقعہ گرجا روڈ پر چک جلال دین میں پیش آیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی میں بارش کے باعث کچے مکان کی چھت گر گئی، واقعے میں یک شخص جاں بحق اور 3 افراد زخمی ہو گئے۔ راولپنڈی میں بارش کے دوران چھت گرنے کا واقعہ گرجا روڈ پر چک جلال دین میں پیش آیا۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق ملبے تلے دب کر ایک شخص جاں بحق ہو (بقیہ نمبر 25)

تونسہ شریف، عوام کا بجلی کے بل جمع نہ کرانے کا اعلان

احتجاج میں انجمن تاجران، جماعت اسلامی اور سول سوسائٹی کے نمائندے بھی شریک ہوئے

تونسہ شریف (نیوز رپورٹر) تونسہ شریف میں بجلی بلوں کے خلاف شہری سراپا احتجاج بن گئے، عوام نے بجلی کے بل جمع نہ کرانے کا اعلان کر دیا۔ احتجاج میں انجمن تاجران، جماعت اسلامی (بقیہ نمبر 21)

فیصل آباد ضلعی بہبود فنڈ بورڈ نے میرج ڈیتھ گرانٹ اور تعلیمی سکالرشپ کیلئے فنڈز جاری کر دیئے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈ کوارٹرز کاشف رضا اعوان نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر/چیئرمین ضلعی بہبود فنڈ بورڈ عبداللہ نیئر شیخ کی زیرنگرانی ضلعی بہبود فنڈ بورڈ نے (بقیہ نمبر 22)

ٹریفک پولیس کا ایک اور ڈرائیونگ سکول قائم

اب خواجہ سرا بھی ڈرائیونگ سے مستفید ہوسکیں گے، سی ٹی او

لاہور (جنرل رپورٹر) ٹریفک پولیس کا ایک اور ڈرائیونگ سکول قائم کر دیا گیا۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور مستنصر فیروز نے بتایا کہ ڈرائیونگ سکول خدمت مرکز لبرٹی میں قائم کیا گیا، ڈرائیونگ سکول کا مقصد مرد وخواتین اور خواجہ سرا کو بہترین ڈرائیونگ سکھانا ہے، خواجہ سراؤں کو خودمختار اور بااعتماد بنانے کے لئے فری ڈرائیونگ ٹریننگ دی جارہی ہے اس کے ساتھ شہدا پولیس کے بچوں کو بھی فری ڈرائیونگ (بقیہ نمبر 23)

آر ڈی اے نے مارکیٹنگ کمپنی Graana.com کو نوٹس جاری کر دیا

آر ڈی اے نے سپانسرز کو خبردار کیا کہ وہ غیر قانونی ہاسنگ سکیم کے پلاٹوں کی خرید و فروخت فوری روک دیں

غیر منظور شدہ و غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں بلیو ورلڈ سٹی، کیپٹل ویلی اور سیفرون سٹی کی غیر قانونی تشہیر روکنے کے لئے نوٹس جاری کر دیا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی محمد سیف انور جپہ کی ہدایت پر میٹرو پولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ ڈائریکٹوریٹ آر ڈی اے نے مارکیٹنگ کمپنی Graana.com کو غیر منظور شدہ و غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں بلیو ورلڈ سٹی، کیپٹل ویلی اور سیفرون سٹی کی غیر قانونی تشہیر روکنے کے لئے نوٹس جاری کر دیا ہے۔ آر ڈی اے ترجمان کے مطابق آر ڈی اے نے جی ٹی روڈ راولپنڈی پر ایک اور غیر قانونی ہاسنگ سکیم Zak City کو بھی نوٹس جاری کر رہا ہے۔ سپانسر اس غیر قانونی ہاسنگ سکیم کی پرنٹ اور سوشل میڈیا پر تشہیر کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)



چیچہ وطنی: ہمسایہ ملک چاند پر پہنچ گیا اور ہم سیاسی انتقام سے آگے نہیں نکلے، سراج الحق

ذرا سی بارش سے نالے ابل پڑنے سے حیاتسر روڈ کے مکین اذیت کا شکار

پختہ چھتیں ڈالنے کے باعث نالے کچرے اور مٹی سے اٹ گے صفائی ناگزیر ہوگی

پختہ چھتیں توڑ کر مکمل صفائی کروائی جائے اور اوپر لوہے کی گرلیں ڈالی جائیں، علاقہ مکین

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان شہر کے معروف مصروف کاروباری علاقے حیاتسر روڈ کے اردگرد بسنے والے علاقہ مکین سخت اذیت کا شکار مین روڈ پر نالوں پر پختہ چھتیں بنانے کے باعث نالوں کی پراپر طریقے سے صفائی نہ ہونے کی وجہ سے ذرا سی بارش ہونے سے روڈ پر نالوں کا گندہ پانی اکٹھا ہو جاتا ہے اور یہ پانی ملحقہ گلیوں میں جانے سے گلیاں اور مین روڈ زیر آب آ جاتی ہے جسکے باعث پیدل چلنے (بقیہ نمبر 29)

پی ایچ ایف کا قومی ترقی اور انسانی امداد کے ردعمل میں بین الاقوامی رفاحی تنظیموں کی اہمیت پر زور

متاثرہ علاقوں کے لیے وسیع پیمانے پر بحالی اور تعمیر نو کی ضرورت ہے، عادل شیراز

تین معزز اراکین کو پارلیمانی کاکس برائے تعلیم میں نمائندگی کے لئے نامزد کیا ہے: سید شاہد کاظمی

اسلام آباد (عوامی للکار) 2022 کے تباہ کن سیلاب نے پاکستان کے مختلف علاقوں میں دیرپا اثرات چھوڑے ہیں، جس کے لیے وسیع پیمانے پر بحالی اور تعمیر نو کی ضرورت ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور بحالی کا سفر اجتماعی کوششوں اور پائیداری کا متقاضی ہے، "پی ایچ ایف کی ایگزیکٹو کمیٹی کے سربراہ عادل شیراز نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا جس میں انہوں نے پاکستان میں قومی ترقی اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ردعمل میں INGOs کے کردار پر روشنی ڈالی۔ "سیلاب (بقیہ نمبر 30)

دریائے ستلج میں پانی کے تیز بہاؤ سے 52 سالہ کاشتکار ڈوب کر جاں بحق ہوگیا

عارف والا (نیوز رپورٹر) دریائے ستلج میں پانی کے تیز بہاؤ سے 52 سالہ کاشتکار ڈوب کر جاں بحق ہوگیا تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں بلاڑہ ارجنکا بستی اولکھ کے مقام پر دریائے ستلج میں جان محمد لکھوکا جوئیہ سیلابی پانی کے تیز ریلے کی لپیٹ میں آ کر ڈوب کر موت کی آغوش میں چلا گیا ریسکیو اہلکاروں نے کاشتکار کی لاش کو دریا سے نکال (بقیہ نمبر 27)

صوابی میں دو فریقین کے مابین فائرنگ 4 افراد جاں بحق، 1 زخمی

پشاور (کرائم رپورٹر) صوابی کے گاؤں مانیری پایاں کے مقام پر دو فریقین کے مابین فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق اور 1 شخص زخمی ہوگیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 صوابی کیمطابق فائرنگ کی اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو میڈیکل ٹیمیں بمعہ ایمبولینس جائے وقوعہ پہنچ کر جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر 28)

راولپنڈی میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں اضافہ

رسائی اتنی آسان کیسے؟ چلتی پھرتی لاشیں حکام کے لئے سوالیہ نشان

پولیس کو منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث ملزموں کیخلاف گرینڈ آپریشن کرنے چاہئیں۔

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد عوام کے لئے درد سر بن گئی۔ گلی محلوں میں منشیات کی باآسانی دستیابی پولیس، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور اینٹی نارکوٹکس فورس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں فٹ (بقیہ نمبر 26)

بجلی اور گیس کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ
احتجاج

اسلام آباد: کراچی، لاہور، پشاور سمیت ملک کے بڑے شہروں اور قصبوں میں بجلی کے بھاری بلز کیخلاف شدید احتجاج کر رہے ہیں

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

صدر علوی کے ٹویٹ کا معاملہ

صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط کرنے کی تردید کرتے ہوئے ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ وہ اللہ کو گواہ بنا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے ان بلوں پر دستخط نہیں کئے کیونکہ وہ ان قوانین سے متفق نہیں۔ انہوں نے دعوی کیا کہ وہ اپنے عملے سے کہہ چکے تھے کہ بل مقررہ وقت کے اندر واپس بھیج دیئے جائیں تاکہ انہیں غیر موثر بنایا جاسکے۔ صدر عارف علوی کے مطابق انہوں نے اپنے عملے سے کئی مرتبہ اس بات کی تصدیق کی کہ بل واپس جا چکے ہیں تاہم انہیں پتہ چلا کہ ان کا عملہ ان کی مرضی اور حکم کے خلاف گیا۔ ٹویٹ میں صدر مملکت نے لکھا: اللہ جانتا ہے اور وہ انشا اللہ معاف کردے گا لیکن میں ان لوگوں سے معافی مانگتا ہوں جو اس قانون سے متاثر ہوں گے۔ دوسری جانب نگران وزیر قانون احمد عرفان اسلم نے کہا ہے کہ صدر نے دونوں بل 10 روز کی مقررہ آئینی مدت میں واپس نہیں بھجوائے لہذا اب یہ قانون بن چکے۔ نگران وزیر اطلاعات کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ صدر نے ان سے پہلے بھی بلوں پر اپنی آبزرویشنز دیں اور اسمبلی کو واپس بھجوائے۔ آج سے پہلے کبھی ہمارے سامنے ایسی صورتحال سامنے نہیں آئی کہ ایوان صدر سے کوئی چیز بغیر دستخط کے واپس کی گئی ہو۔ احمد عرفان اسلم نے مزید کہا کہ وزارت قانون کی جانب سے پریس ریلیز کے بعد ابہام ختم ہوگیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئین کے آرٹیکل 75 میں 10 دن کی مدت درج ہے، اگر اس مدت کے اندر صدر مملکت اپنے اختیارات استعمال نہیں کرتے تو بل از خود قانون بن جاتا ہے۔ نگران وزیر اطلاعات مرتضی سولنگی کا کہنا تھا کہ صدر نے ذاتی اکانٹ سے پارلیمان کی جانب سے بھیجے گئے دو بلوں پر ٹویٹ کیا جس کی وجہ سے ابہام پیدا ہوا، اب صورتحال واضح ہے اور اس حوالے سے نگران حکومت کی کوششوں کو سیاسی رنگ نہیں دیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت نے آئینی عہدوں کا عزت واحترام ملحوظ خاطر رکھا ہے، صدر مملکت کے عملے کے حوالے سے کوئی تبصرہ نہیں کرنا چاہتے اور نہ مشورہ دے سکتے ہیں، یہ ان کا اختیار نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایوان صدر کو آرمی) ترمیمی (بل 22023 اگست جبکہ سیکرٹ ایکٹ) ترمیمی (بل 82023 اگست کو موصول ہوا۔ جب کوئی بل صدر کو بھیجا جاتا ہے تو اس کے پاس دو اختیار ہوتے ہیں ایک وہ اس پر دستخط کرکے بھیج دے، دوسرا یہ کہ وہ اس پر اعتراض لگا کر واپس کردے، اعتراضات تحریری ہوتے ہیں جبکہ صدر کو آرٹیکل 75 کے تحت تیسرا کوئی اختیار نہیں۔ آئین میں یہ دونوں اختیار استعمال کرنے کے لئے 10 دن کا تعین کیا گیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ ایسا قطعا نہیں کہ وہ ایوان صدر جا کر ریکارڈ قبضے میں لیں، آئین کے تحت صدر کو مکمل تحفظ حاصل ہے، ان کے خلاف تحقیقات نہیں کی جاسکتیں۔

صدر مملکت کی ٹویٹ پر سیاسی جماعتوں کا شدید ردعمل بھی سامنے آیا ہے۔ مسلم لیگ) ن (کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ صدر کھل کر بات کریں اگر انہیں بلوں پر اختلاف تھا تو انہوں نے اپنے اعتراضات درج کیوں نہیں کئے، پھر میڈیا میں بل منظوری کی خبریں آنے کے دو دن بعد تک خاموش کیوں رہے، اگر ان کا سٹاف بھی ان کے کہنے میں نہیں تو وہ استعفی دے کر گھر چلے جائیں۔ پیپلز پارٹی کی رہنما اور سابق وفاقی وزیر شیری رحمان نے کہا ہے کہ صدر کی وضاحت سے ان کے صدارتی منصب پر رہنے کی اہلیت پر سوال اٹھ گئے ہیں، اگر ایسا ہی ہے تو صدر کو فوری طور پر مستعفی ہو جانا چاہیے۔ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ یہ ناقابل یقین بات ہے، اخلاقیات کا تقاضہ ہے کہ صدر فوری طور پر استعفی دے دیں، وہ دفتر موثر انداز میں چلانے میں ناکام ہوگئے ہیں۔ سینیٹر مشتاق احمد نے صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ لگتا ہے معاملات ایک بار پھر عدالتوں میں جائیں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (نے صدر کی جانب سے دستخط نہ کرنے کے حوالے سے ٹویٹ کے بعد عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی نے قومی اور عدالتی سطح پر صدر مملکت کے موقف کی بھرپور تائید اور حمایت کا اعلان بھی کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا ہے کہ صدر مملکت وفاق کی علامت، پارلیمان کا حصہ اور افواج پاکستان کے سپریم کمانڈر ہیں۔ ان کے فیصلوں پر عملدرآمد روکنا غیر آئینی اور ناقابل قبول ہے، وہ چیف جسٹس سے اس معاملے کی تحقیق، ذمہ داروں کے تعین اور محاسبے کی استدعا کریں گے۔ آئینی ماہرین کی آرا بھی اس معاملے پر منقسم نظر آتی ہیں۔ جسٹس) ر (شائق عثمانی کا کہنا ہے کہ بغیر دستخط کے قانون کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوتا، صدر کہتے ہیں کہ دستخط ان کے نہیں تو اس کا ثبوت ہونا چاہیے تاہم جب تک دستخط کے حوالے سے کوئی بات ثابت نہیں ہوجاتی، یہ قانون رہے گا۔ دوسری جانب سپریم کورٹ بار کے صدر عابد زبیری نے کہا ہے کہ صدر کے بیان سے لگتا ہے کہ بہت بڑا جرم ہوا، صدر نے دستخط نہیں کئے تو یہ دونوں بل قانون نہیں بنے۔ خبروں کے مطابق وزارت قانون نے پاکستان آرمی ایکٹ ترمیمی بل اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل کے باقاعدہ قانون بننے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس پر 18 اگست کی تاریخ درج ہے۔ یوں تو وطن عزیز میں خال خال دیکھنے میں آتا ہے کسی قومی ایشو پر اس کے تمام سٹیک ہولڈر افہام وتفہیم کا مظاہرہ کریں، ماضی میں بھی صدر مملکت جن قوانین سے متفق نہیں رہے ان پر اعتراضات لگا کر واپس پارلیمنٹ میں بھیجتے رہے ہیں اور جن سے متفق ہوئے اس پر منظوری کے دستخط بھی ثبت کرتے رہے ہیں۔ عموما اگر صدر کسی بل سے متفق نہ ہوں تو اپنے اعتراض کے ساتھ اسے واپس بھیج دیتے ہیں لیکن اگر وہ ایسا نہیں کرتے تو 10 روز بعد بل خود بخود قانون کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ صدر کا منصب لائق احترام ہے، وہ ریاست پاکستان کے سربراہ ہیں ان کی عزت وتکریم پر دو رائے نہیں ہوسکتیں تاہم صدر مملکت کی طرف سے سوشل میڈیا پر بنائے گئے ذاتی اکانٹ کے ذریعے کئے گئے انکار نے بہت سے سوالات کو جنم دیا ہے۔

ترمیمی بلوں کی منظوری پر ابہام

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

پاکستان کو اس وقت جن گونا گوں مسائل اور بحرانوں کا سامنا ہے ان کی شدت میں کمی کے بجائے اضافہ ہوتا جارہا ہے صدر مملکت عارف علوی کی جانب سے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط کرنے کی تردید اور وزارت قانون کی وضاحت ' نگران وزیر قانون اور وزیر اطلاعات کی پریس کانفرنس کے بعد معاملہ سلجھنے کے بجائے مزید الجھ گیا ہے -پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 ستائیس جولائی 2023 کو سینٹ سے پاس ہوا ' ایوان صدر کو یہ بل 2 اگست کو موصول ہوا جبکہ آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل یکم اگست کو قومی اسمبلی نے منظور کرکے سینٹ کو بھجوایا- سینٹ نے اس بل پر کچھ آبزرویشنز لگا کر قومی اسمبلی کو بھیجا ' قومی اسمبلی نے اس بل کو 7 اگست کو منظور کیا- آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 آٹھ اگست کو ایوان صدر کو موصول ہوا - قانون کے مطابق جب کوئی بھی بل صدر کو بھیجا جاتا ہے تو ان کے پاس دو اختیار ہوتے ہیں پہلا اختیار صدر اس بل کی منظوری دے دیں - دوسرا یہ کہ صدر کی اگر کوئی آبزرویشنز ہیں تو تحریری انداز میں بھجوائی جائیں- آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت صدر مملکت کے پاس اس حوالے سے کوئی تیسرا اختیار نہیں ' یہ دونوں اختیارات استعمال کرنے کے لئے 10 دن کا وقت آئین میں تعین کیا گیا ہے - صدر مملکت کے پاس 10 دن کا وقت تھا ' ماضی قریب اور ماضی بعید میں بہت سے قوانین میں انہوں نے اپنے اس اختیار کو استعمال کیا -صدر مملکت عارف علوی کی جانب سے ٹویٹ کے ذریعے بلوں پر دستخط کرنے کی تردید پر وزارت قانون وانصاف نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کے اقدام کو آئین کی روح کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صدر مملکت نے جان بوجھ کر اپنی رائے میں تاخیر کی ' آئین میں کوئی بھی بل کسی رائے کے بغیر بھجوانے کا ذکر نہیں- ایسا عمل آئین کی روح کے متصادم ہے ' اگر صدر مملکت کو تحفظات تھے تو اپنی رائے کے ساتھ بھجوا سکتے تھے ' ماضی میں وہ ایسا کئی بار کر چکے ہیں- صدر مملکت کی جانب سے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بل پر دستخط کی تردید کے بعد دونوں بلوں کی قانونی حیثیت کا معاملہ زیر بحث بن چکا ہے -دونوں ایوانوں سے منظور بل صدر کے دستخط کے بغیر قانون بن گئے ہیں یا نہیں- پاکستان میں قانون سازی کے لئے کیا صدر کے دستخط ہونا ضروری ہیں اور اگر صدر کوئی بھی قانونی راستہ اختیار نہ کریں تو کیا کوئی بل خود ہی قانون بن جاتا ہے -اس حوالے سے جسٹس) ر (شائق عثمانی کا کہنا ہے بغیر دستخط کے قانون کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوتا ' صدر کہتے ہیں میرے دستخط نہیں تو اس کا ثبوت ہونا چاہیے ' جب تک دستخط کے حوالے سے کوئی بات ثابت نہیں ہوجاتی تو یہ قانون رہے گا لگتا ہے کہ کسی نے صدر کو یہ غلط ایڈوائس دی ' صدر نے اس ٹویٹ سے اپنی پوزیشن کو متنازعہ بنایا ہے-ماہر قانون دان عابد زبیری کا کہنا ہے کہ صدر کے ٹویٹ سے لگتا ہے بہت بڑا جرم ہوا' آئین کے تحت بل واپس آجائے تو اگلی حکومت کا انتظار ہوتا ہے ' صدر نے دستخط نہیں کئے تو یہ دونوں بل قانون نہیں بنے ' کوئی اختلاف ہو تو صدر مملکت بل پارلیمنٹ کو واپس بھیج دیتے ہیں- ان کا کہنا ہے کہ صدر مملکت سپریم کورٹ کو لکھیں کہ ملک میں کیا ہورہا ہے- صدر بل واپس کردیں تو مشترکہ اجلاس میں بھیجا جاتا ہے ' یہ دیکھنا ہوگا کہ صدر مملکت نے دستخط نہیں کئے تو سمری کہاں گئی؟ - سمری گئی تو کیا اس پر صدر کے اعلی دستخط کئے گئے ' ایوان صدر کے عملے صدر کے حکم کی خلاف ورزی کیسے کی؟- صدر مملکت کے آرمی ایکٹ اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے ٹویٹ پر ن لیگ ' پیپلز پارٹی ودیگر جماعتوں نے شدید تنقید کرتے ہوئے عارف علوی سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا ہے -سابق وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ علوی صاحب کو نوٹیفکیشن کے دو دن بعد خیال آیا ہے کہ اللہ کو گواہ بنانا ہے اور معافی مانگنی ہے-بدیانتی کی بھی کوئی حد ہوتی ہے -پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ جس صدر کو یہ نہیں پتا کہ ایوان صدر میں کیا ہورہا ہے وہ عہدے پر رہنے کے اہل نہیں ' صدر بیان دینے' معافی مانگنے کے بجائے بتائیں ان افسروں کے خلاف کیا کارروائی کی جنہوں نے ان کے حکم کی خلاف ورزی کی -سابق وفاقی وزیر شیری رحمٰن کا کہنا ہے کہ وہ) صدر مملکت (یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ان کی ناک کے نیچے بلز پر کوئی اور دستخط کرتا ہے؟ صدر کی وضاحت ان کے صدارتی منصب سنبھالنے کی اہلیت پر سوالیہ نشان ہے ' اگر ایسا ہی ہے تو صدر کو اس عہدے سے فوری طور پر مستعفی ہو جانا چاہیے ' اگر آپ کا عملہ آپ کے کہنے میں نہیں ہے تو آپ صدارتی منصب چھوڑ دیں- جبکہ پاکستان تحریک انصاف نے سپریم کورٹ جانے کا اعلان کیا ہے-

صدر مملکت عارف علوی نے ٹویٹ کے ذریعے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط کرنے کی تردید کرکے جو دھماکہ کیا ہے اس کے اثرات دیرپا ہوں گے- صدر مملکت کے بیان کی وجہ سے قانون سے زیادہ حقائق پر سوالات اٹھے ہیں ' صدر مملکت کے انتہائی سنگین نوعیت کے الزامات نظام پر دور رس اثرات مرتب کریں گے - ان کے بیان سے ایک نیا پنڈورہ بکس کھل گیا ہے اگر صورت حال واقعی ایسی ہی ہے جیسا عارف علوی نے اپنے ٹویٹ میں لکھا ہے تو یہ ریاست پاکستان ' پارلیمنٹ اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ پوری قوم کی بھی توہین ہے-

اس معاملے کی تہہ تک پہنچنے کے لئے غیر جانبدارانہ اور شفاف انکوائری انتہائی ضروری ہے - یہ کام سینٹ آف پاکستان بھی کرسکتی ہے اور سپریم کورٹ بھی - دیکھنا ہوگا کہ صدر مملکت نے دستخط نہیں کئے تو سمری کہاں گئی؟ ایوان صدر میں فائل کے چلنے کا ایک مربوط نظام موجود ہے جس کا بھرپور جائزہ لینا بھی ضروری ہے- کسی بھی قسم کی فائل جس پر صدر مملکت کے دستخط یا منظوری چاہیے ہو وہ سب سے پہلے ایوان صدر کے سٹاف میں شامل سیکشن آفیسر کے پاس پہنچتی ہے جو اس کا جائزہ لیتے ہیں اس پر منٹس دینے کے بعد فائل اسسٹنٹ سیکرٹری کو بھیجی جاتی ہے یہاں سے فائل جوائنٹ سیکرٹری ' ڈپٹی سیکرٹری پھر سیکرٹری تو صدر مملکت کے پاس پہنچتی ہے جو اس کو صدر کے پاس لے جاتے ہیں- ان تمام مراحل کے دوران اس پر نوٹس لکھے جاتے ہیں کسی بھی کمی کو پورا کیا جاتا ہے یا پھر متعلقہ وزارت کو واپس بھجوا دیا جاتا ہے - متعلقہ بلوں کی منظوری میں بھی یہی طریقہ کار اپنایا گیا ہو جس سے تمام معاملے کی تہہ تک پہنچا جاسکتا ہے - سوچنے کی بات یہ بھی ہے کہ صدر عارف علوی کو اگر بلوں سے اختلاف تھا تو انہوں نے قانون کے مطابق اپنے اعتراضات کیوں درج نہیں کئے؟ بل ہاں یا ناں کے بغیر واپس بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟ میڈیا پر خبریں آنے پر بھی وہ دو دن کیوں چپ رہے؟ عارف علوی نے بول کر معاملہ اور الجھا دیا ہے جس کو سلجھانے کے لئے شفاف تحقیقات ضروری ہے. . .

وزیراعظم انوارالحق کاکڑ منافرت کے خلاف آہنی دیوار

نوید معراج

ایک ایسے خطہ میں جہاں کچھ عناصر اقلیتوں پر ہونے والے ظلم وستم پر نا صرف خاموشی اختیار کرتے ہیں بلکہ اس معاملے کو دھندلانے کی کوشش بھی کرتے ہیں جیسا کہ بھارتی شہر منی پور میں مسیحی برادری کی حالت زار پر کیا جارہا ہے۔ پاکستان کے نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ عدم برداشت اور جنونیت کی قوتوں سے نفرت کرتے ہوئے اقلیتوں کے حقوق اور تحفظ کے زبردست اور واضح علمبردار اور حامی کے طور پر سامنے آئے۔ جڑانوالہ میں انتہائی افسوسناک واقعہ کے ردعمل میں، پرتشدد ہجوم نے گرجا گھروں میں توڑ پھوڑ اور عیسائیوں کی رہائش گاہوں پر حملہ کرکے تباہی مچادی، وزیراعظم کاکڑ نے فیصلہ کن قیادت کا مظاہرہ کیا۔ منی پور، بھارت میں جہاں اقلیتوں کو ریاستی سرپرستی اور پشت پناہی میں ظلم وستم کا سامنا ہے، کے برعکس ،وزیراعظم کاکڑ کی جڑانوالہ کے واقعے کی ہینڈلنگ نے یہ زبردست پیغام دیا کہ پاکستانی ریاست کا انتہا پسندی اور عدم برداشت کی قوتوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وزیراعظم کے اقدامات نے پاکستان کے تشدد سے متاثرہ افراد کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہونے اور حتی کہ مشکلات میں بھی ان کی حفاظت وسلامتی کو یقینی بنانے کے غیر متزلزل عزم کو ظاہر کیا۔ اپنے قول وفعل دونوں کے ذریعے وزیراعظم کاکڑ نا صرف جڑانوالہ واقعے کے مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے بلکہ مسیحیوں کو دلاسا دیا کہ ان کے ساتھ ایسے واقعات دوبارہ رونما نہیں ہوں گے۔ گرجا گھروں پر حملے کے بعد متعلقہ حکام کا ردعمل فوری تھا۔ پنجاب حکومت نے صورتحال کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے، پرتشدد کارروائیوں کے پھیلاو کو روکنے اور شورش پر قابو پانے کے لیے رینجرز،) پیرا ملٹری فورس (کو طلب کیا۔ صوبائی انتظامیہ پوری طرح چوکس رہی جبکہ آئی جی پی نے امن وامان کی بحالی اور اقلیتی برادریوں کے تحفظ کے لیے ایلیٹ فورس سمیت مختلف یونٹوں سے 3000 پولیس اہلکاروں کی بھاری نفری تعینات کی۔ وزیراعظم کاکڑ کی ہدایت پر حکام نے تیزی سے مکمل تحقیقات شروع کردیں، جس کے نتیجے میں ہنگامہ آرائی کے محض ایک دن بعد افسوسناک واقعہ میں ملوث کم از کم 160 افراد کو گرفتار کرلیا گیا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی طرف سے فوری کارروائی ایک واضح پیغام تھا کہ تشدد اور عدم برداشت کی ایسی کارروائیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے ذاتی طور پر جڑانوالہ کا دورہ کیا تاکہ ایک بلند اور زیادہ واضح پیغام دیا جائے کہ ریاست متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے۔ جڑانوالہ میں مسیحی برادری کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے قوم کے ایسے مشترکہ اصولوں پر زور دیا جو نبی پاک ﷺ کی تعلیمات اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی اقدار پر مبنی ہیں۔ وزیراعظم کاکڑ نے اقلیتوں پر ظلم وستم کی واشگاف الفاظ میں شدید مذمت کی اور اس بات پر زور دیا کہ ایسی گھناؤنی حرکتیں کرنے والوں کے خلاف قانون کی حکمرانی ہوگی۔ انہوں نے واضح طور پر کہا کہ حکومت اور معاشرہ بڑے پیمانے پر تاریکی کی قوتوں کے خلاف متحد ہوکر کھڑے ہوں گے اور ضرورت مندوں کی بھرپور مدد کریں گے۔ انہوں نے پرعزم الفاظ میں کہا کہ زبانی کلامی دعووں کی بجائے ہمارے عملی اقدامات زیادہ بلند بولیں گے۔ وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کا متاثرہ علاقوں کا دورہ اور متاثرین کے اہل خانہ سے ان کی بات چیت نہ صرف ایک سیاسی فریضہ بلکہ متاثرہ فریق کے لیے انصاف اور ان کی بحالی کو یقینی بنانے کے حقیقی عزم کا ثبوت ہے۔ جڑانوالہ کے واقعے نے انتہا پسندی اور بنیاد پرستی کے ایک گہرے سماجی مسئلے کو واضح طور پر اجاگر کیا جو مذہبی اور فرقہ وارانہ حدود سے بالاتر ہے۔ وزیراعظم کاکڑ کی جانب سے اس حقیقت کے ادراک نے اس طرح کے رویے کا مقابلہ کرنے کے لیے ایسے جامع حل کی ضرورت پر زور دیا جس کی جڑیں رویہ کی پیچیدہ حرکیات کی گہری سوجھ بوجھ میں پوشیدہ ہیں۔ گزشتہ روز وزیراعظم کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں آئندہ ہفتے بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس منعقد کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔ یہ اقدام ان بنیادی مسائل کو حل کرنے اور بقائے باہمی اور افہام وتفہیم کے ماحول کو فروغ دینے کے لیے نگران حکومت کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ مختلف مذہبی رہنماں، علما اور نمائندوں کو اکٹھا کرکے، کانفرنس کا مقصد نہ صرف تشدد کی کارروائیوں کی مذمت کرنا ہے بلکہ کھلے مکالمے، باہمی احترام اور مشترکہ انسانیت کی پہچان کو بھی فروغ دینا ہے۔ جڑانوالہ کے واقعہ کے بعد، یہ کانفرنس بحالی کی طرف ایک ٹھوس اقدام اور برداشت و اتحاد کے نظریات تقسیم اور نفرت کی قوتوں پر غالب ہونیکو یقینی بنانے کے طور پر کام کرے گی۔

☆☆☆

ستار علوی کیلئے حکومتِ شام کی تمغہ شجاعت

فضل حسین اعوان

آدھے دن کیلئے 14 اگست کو میاں شہباز شریف اور باقی انوار الحق کاکڑ وزیراعظم تھے۔ انوارالحق کاکڑ نے نگران وزیراعظم کا حلف ایوانِ صدر میں اٹھایا۔ شہباز شریف سولہ ماہ تک وزیراعظم رہے۔ 2018 میں وجود میں آنے والی اسمبلی کی مدت 12 اگست کو ختم ہونا تھی جو انتخابات کو 60 روز کے بجائے نوے روز میں کرانے کے لیے آئینی مدت سے 4 روز قبل تحلیل کردی گئی۔ 83 رکنی کابینہ 8 اگست کو گھر چلی گئی جبکہ میاں شہباز شریف نگران وزیراعظم کی تقرری اور حلف برداری تک وزیراعظم رہے۔ یہ حجت 14 اگست کو تمام ہوئی، اسی روز ایوانِ صدر کی جانب سے 696 ملکی وغیر ملکی شخصیات کیلئے ایوارڈز کا اعلان کیا گیا جو 23 مارچ کو تقسیم ہوں گے۔ یہ نامزدگیاں صدر اپنی مرضی ومنشا اور پسند پر نہیں بلکہ حکومت کی سفارش پر کرتے ہیں۔ 23 مارچ کو اعلان کے مطابق 7 شخصیات کو نشان امتیاز، 2 غیر ملکیوں سعودی شہزادہ خالد بن سلمان اور چینی عہدیدار لی فنگ کو ہلال پاکستان دیا جائے گا۔ 26 شخصیات کو ہلال امتیاز، 18 غیر ملکیوں کو ہلال قائداعظم دیا جانا ہے۔ مشتاق سکھیرا کو ہلال شجاعت جبکہ انجینئر طلال بن عبداللہ العتبی کو ستارہ پاکستان سے نوازا جائے گا۔ 20 شخصیات کو ستارہ شجاعت، 61 کو ستارہ امتیاز، 70 کو صدارتی ایوارڈ برائے حسن کارکردگی، 3 کو ستارہ قائداعظم، 4 کو ستارہ خدمت، 4 کو تمغہ خدمات ، 25 کو تمغہ شجاعت جبکہ کچھ کو تمغہ امتیاز دیا جانا۔ نشان امتیاز کیلئے شاعر افتخار عارف، سابق ہاکی کپتان صلاح الدین، سابق وزیراعلی سندھ قائم علی شاہ، ن لیگی سینیٹر راجا ظفرالحق اور سابق گورنر اسٹیٹ بینک، موجودہ وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کو نامزد کیا گیا ہے۔ گلوکارہ شازیہ منظور، اداکار عجب گل، عدنان صدیقی، شیما کرمانی اور دیگر کو پرائڈ آف پرفارمنس دینے کا فیصلہ ہوا۔ آرٹس کونسل پاکستان کراچی کے صدر احمد شاہ، چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر مختار احمد، شاعر اور استاد انور مسعود، گلوکار راحت فتح علی اور اخوت فاؤنڈیشن کے ڈاکٹر امجد ثاقب کو ہلال امتیاز دیا جائے گا جبکہ فہد ہارون، فاخر محمود، ستیش آنند، بلال لاشاری کو ستارہ امتیاز دیا جائے گا۔ استاد رستم فتح علی خان اور چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی سارہ احمد کو بچوں کے حقوق کے تحفظ کی خدمات پر تمغہ امتیاز دیا جائے گا۔ 4 چینی سفارتکاروں لو ژاہوئی، ننگ جیڑے، نونگ رونگ اور شازو کونگ کو ہلال قائداعظم دیا جائے گا۔ ڈان لیک فیم طارق فاطمی، ڈاکٹر عادل نجم اور ٹریفک حادثے میں جاں بحق سابق وفاقی وزیر عبدالشکور کو ہلال امتیاز سے نوازا جائے گا۔ آئی بی کے 3 افسران طارق محمود، عامر نسیم، ماجد سلیم، آئی جی خیبر پختونخوا اختر حیات خان اور ڈی آئی جی کراچی مقدس حیدر کو ستارہ شجاعت دیا جائے گا۔ سابق وزیراعلی بلوچستان عبدالقدوس بزنجو، صحافی سلیم بخاری، واصف ناگی، ڈی جی نیب وقار چوہان، مفتی منیب الرحمان، مرزا اختیار بیگ، کوہ پیما نائلہ کیانی کو ستارہ امتیاز سے نوازا جائے گا۔ صحافیوں میں سہیل وڑائچ، سلمان غنی کو صدارتی اعزاز برائے حسن کارکردگی جبکہ وقار ستی، فاروق عادل، فہد حسین کو تمغہ امتیاز دیا جائے گا۔ ان نامزدگیوں سے ایک دو روز قبل ایک خبر نظر سے گزری۔ "ایئر کموڈور ستار علوی کیلئے تمغہ شجاعت "۔ جب ایوان صدر کی طرف سے ایوارڈ کا اعلان ہوا تو اس میں ستار علوی کا نام نہیں تھا۔ کیسے ممکن ہے کہ خبر شائع ہوئی اور لسٹ میں شامل نام نہ ہو۔ خبر تلاش کی دوبارہ پڑھی وہ کچھ اس طرح تھی۔ "پاک فضائیہ کے ایئر کموڈور) ر (عبدالستار علوی کو 1973 کی عرب اسرائیل جنگ میں خدمات انجام دینے پر حکومتِ شام نے تمغہ بہادری۔

Email- info@awamilalkaar.com
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar

اشاعت خاص

پی ایچ اے اور سرسبز و شاداب سرگودھا

تحریر۔ سجاد حسین بھٹی

نگران وزیراعلی پنجاب سید محسن نقوی ہر ادارہ کو فعال بنانے کے لیے پوری طرح متحرک ہیں ان کی کوشش ہے کہ دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے عوام کو ہر ممکن ریلیف اور سہولیات فراہم کی جائیں۔ وزیراعلی نے تمام محکموں کو بہتر سروس ڈیلیوری کے احکامات جاری کر رکھے ہیں اور وہ دن رات پنجاب کے باسیوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے بھی مسلسل کوشاں ہیں۔ نگران وزیر اعلی کی ترجیحات کے تحت سرگودہا ڈویژن میں کمشنر محمد اجمل بھٹی کی سرپرستی اور ڈی جی پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی کی ولولہ انگیز قیادت میں مثالی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ سرگودہا میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا قیام ماحولیاتی تبدیلیوں کا نقطہ آغاز ثابت ہوا اور کچھ ہی عرصہ میں ویران واجاڑ دکھائی دینے والے اس شاہینوں کے شہر نے سبز پیرہن اوڑھنا شروع کردیا، پی ایچ اے نے محدود بجٹ کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کیا اور سرگودہا میں عدم توجہی کا شکار پارکس، گرین بیلٹس وگرین ایریاز کو ایک نئی شکل دی جانے لگی یہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ مزید پارکس، گرین بیلٹس وگرین ایریاز کے قیام کو بھی مقدم رکھا گیا جس کے نتیجہ میں علاقہ کی آب وہوا تبدیل ہوکر صحت افزا ماحول کا باعث بنی اس کے ساتھ ساتھ پی ایچ اے نے عوام کو مثبت تفریحی سرگرمیوں کی فراہمی کے حوالہ سے روایت شکن اقدامات بھی فروغ دیئے جو کہ گھٹن زدہ ماحول کا شکار اہل علاقہ کیلئے خوشگوار تبدیلی ثابت ہوئے اس حوالہ سے سابق ڈی جی پی ایچ اے وسیکرٹری اوقاف ملک جاوید نسیم کا دور ایک یادگار دور تھا کہ جس میں انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر میاں طاہر جمیل اور اپنی ٹیم کے ہمراہ دن ورات کی تخصیص مٹا کر کام کیا اور علاقہ کی خوبصورتی کے ساتھ عوام کی تفریح طبع کو مقدم رکھتے ہوئے گراں قدر خدمات سرانجام دیں ان کے بعد ڈی جی حسین بہادر، ڈی جی رائے یاسر بھٹی اور ڈی جی فرید احمد کے ادوار بھی مثالی رہے، اس دورانیہ میں ڈائریکٹر ایڈمن پی ایچ اے رائے عبدالحفیظ بھٹی نے بھی گراں قدر خدمات سرانجام دیں اور پی ایچ اے نے اپنے اہداف کے حصول کیلئے ہر ممکنہ اقدامات فروغ دیئے لیکن گذشتہ برس ماہ اکتوبر کے دوران توقیر حیدر کاظمی کی بحیثیت ڈی جی پی ایچ اے تعیناتی نے ملک جاوید نسیم کے دور کی یاد تازہ کردی اور سرگودہا پی ایچ اے کے انتظامی امور سمیت دیگر معاملات کی بہتری کے حوالہ سے بہت سی خوشگوار تبدیلیاں ظہور پذیر ہوئیں اور شجرکاری مہم کو بھی ایک نئی جہت سے ہم کنار کیا گیا۔ کمشنر سرگودہا محمد اجمل بھٹی کی قائدانہ صلاحیتیں یہاں بھی بھرپور انداز میں سامنے آئیں اور ان کی سرپرستی وراہنمائی میں ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی توقیر حیدر کاظمی نے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی فہم و فراست سے ادارہ کی ذمہ داریوں کو مربوط بنایا تاکہ راہ کی رکاوٹیں دور ہوں اور ادارہ سے وابستہ افراد کو اپنی ذمہ داریوں کی بجا آوری کے حوالہ سے سازگار ماحول میسر آسکے، اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے بحیثیت سینئر بیوروکریٹ اپنے سابق تجربات کی بنیاد پر زمینی حقائق کو ملحوظ رکھتے ہوئے جامع حکمت عملی کے تحت آئندہ کا لائحہ عمل طے کرکے گراس روٹ لیول پر کام کا آغاز کیا جس کے نتیجہ میں ان کی تعیناتی کے بعد گزرنے والے قلیل عرصہ میں ہی سرگودہا کا نقشہ تبدیل ہوچکا ہے اور اس حوالہ سے بجاطور پر کہا جاسکتا ہے کہ ان کی طے کردہ حکمت عملی کے تحت کام جاری رہے تو بہت جلد سرگودہا ماڈل سٹی کی شکل اختیار کر جائے گا، ڈی جی پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی سرگودہا میں نئے پارکس، گرین بیلٹس اور گرین ایریاز بنانے کے حوالہ سے بھی ہنگامی بنیادوں پر کام کررہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ پہلے سے موجود پارکس، گرین بیلٹس وگرین ایریاز کو ایک نئی جہت سے ہم کنار کرنے کیلئے بھی مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر ممکنہ اقدامات جاری ہیں، پی ایچ اے کی معاشی استحکام کیلئے ایڈورٹائزنگ سمیت دیگر شعبہ جات پر ڈی جی پی ایچ اے توقیر حیدر کاظمی کی بھرپور توجہ موجود ہے، سرگودہا میں موجود غیر قانونی ایڈورٹائزنگ بورڈ کیلئے خلاف بھی بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی گئی، درختوں کی شکل میں موجود قومی اثاثہ کی حفاظت کیلئے سرگودہا کے درختوں کی جیو ٹیگنگ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، بلاشبہ ان کے ہنگامی اقدامات کے ساتھ جاری دیگر منصوبہ جات کی تکمیل انقلابی ثمرات کا باعث ہوگی۔

سرگودہا کو سرسبز وشاداب روپ دے کر عوام کو مثبت وصحت مندانہ ماحول وتفریحی سرگرمیوں کی فراہمی کو مقدم رکھتے ہوئے ڈی جی پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی توقیر حیدر کاظمی نے اپنی سرگودہا تعیناتی کے ساتھ ہی یہاں پی ایچ اے لوک میلہ 2022 کا اہتمام کیا جو کہ سرگودہا ڈویژن میں ہونیوالی تفریحی پروگرامز میں منفرد ونمایاں مقام رکھتا ہے اور ماضی میں اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی، لوک میلہ کا ہر دن اپنے اندر کے نئی تازگی اور خوشگوار تبدیلی کیساتھ طلوع ہوا، یہاں استاد حامد علی خاں، معروف لوک گلوکار ملکو، گلوکارہ مسکان، مستم گروپ لاہور، جمشید شیر علی خاں قوال، مشتاق احمد چھینہ، معروف قوال رضوان معظم وہمنوا کے علاوہ دیگر نے اپنے فن کا مظاہرہ کرکے خوب داد سمیٹی، میلہ میں ملکی ومقامی ثقافت کے رنگ نمایاں تھے جبکہ عوام کی تفریح طبع کو مقدم رکھتے ہوئے ہر ممکنہ اقدامات کئے گئے جس سے اہل علاقہ بھرپور انداز میں لطف اندوز ہوتے رہے، اسی طرح رواں سال جشن بہاراں کی مناسبت سے پی ایچ اے فلورا فیسٹول کا انعقاد عمل میں لایا گیا، یوم ثقافت پنجاب کے روز 14 مارچ کو شروع ہونے والے اس فیسٹیول کے حوالہ سے کمشنر محمد اجمل بھٹی، آر پی او شارق کمال صدیقی، ڈپٹی کمشنر کیپٹن) ر (شعیب علی اور ڈی پی او محمد فیصل کامران اور دیگر انتظامی افسران اور سرکاری اداروں کا تعاون وسرپرستی شامل حال رہی، فیسٹیول میں کلچرل شو، میجک شو، ورائٹی شو، فائر ڈانس سمیت عوامی دلچسپی کے پیش نظر رنگا رنگ پروگرامز منعقد کئے گئے، یہی نہیں بلکہ اس کیساتھ ملک کے تمام صوبوں، علاقوں کی ثقافت کو بھی اجاگر کیا گیا۔

پی ایچ اے فلورا فیسٹیول 2023 کی افتتاحی تقریب میں قوالی نائٹ کا اہتمام کیا گیا جس میں ملک کے مایہ ناز قوال استاد ایاز فرید، ابومحمد وہمنوا نے راگ و ساز کی محفل سجائے رکھی، یہاں [illegible]

[illegible]

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 26 اور 27 اگست 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس /ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 26 اگست 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، کامسٹ، جھٹہ بختاور، پارک انکلیوٹو، لہتراڑ، ترامڑی، آئی ایس آئی، رہاڑہ، پی ایچ اے، کری روڈ، سی ایم پاک زونگ، آئیسولیشن ہسپتال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، گلزار قائد، گنگال، ائرپورٹ، کھنہ روڈ فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-10/1 فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، عزیز آباد، پیپلز کالونی، بجنیال فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، اسلام آباد فیڈمل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، اٹک سرکل، ایچ ایم سی روڈ، ٹیکسلا، شیر شاہ سوری، ائر یونیورسٹی، پی ایم کالونی، قطبال، مورت، فتح جنگ رورل، کریمہ فیڈرز، جہلم سرکل، F-3 گل افشاں، عباس پورہ، اجمل شہید، F-7 کچہری، F-9 چک دولت، شاہ سفیر، روہتاس فیڈرز، چکوال سرکل، ساگر پور، عبداللہ پور، سی ڈبلیو او، جلال پور شریف، چکرال فیڈرز، مورخہ 27 اگست 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اٹک سرکل، ائر یونیورسٹی، پی ایم کالونی اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

خان کھوسہ عدالت سے واک آؤٹ کر گئے۔ ہائی کورٹ نے کیس کی پیر تک سماعت ملتوی کردی۔ پی ٹی آئی حامی وکلا نے کمرہ عدالت میں شیم شیم اور فکس میچ نامنظور کے نعرے لگائے۔

بقیہ 2

ایکسچینج ریٹ، پاور سیکٹر اور گیس سیکٹر کے گردشی قرضوں پر بات چیت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق نگران وزیر خزانہ نے مارکیٹ بیسڈ ایکسچینج ریٹ سے متعلق آئی ایم ایف کو اعتماد میں لیا۔ ڈاکٹر شمشاد اختر نے کہا کہ ایکسچینج ریٹ کنٹرول کرنے کیلئے کوئی مصنوعی پالیسی اختیار نہیں کی جائے گی۔ نگران وزیر خزانہ نے یقین دہانی کرائی کہ مارکیٹ خود ایکسچینج ریٹ کا تعین کرے گی، پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے ٹیرف ریٹ کو بڑھا دیا گیا۔ ورچوئل میٹنگ میں آئی ایم ایف کو بریفنگ دی گئی کہ پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے سبسڈیز کو ختم کیا جا رہا ہے۔ شمشاد اختر نے کہا کہ جون 2024 تک پاور سیکٹر کا گردشی قرضہ 2128 ارب تک محدود کیا جائے گا۔ نگران وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف حکام کو معاہدے کی شرائط پر عملدرآمد بارے بھی آگاہ کیا۔ آئی ایم ایف نے نگران وزیر خزانہ سے معاہدے کی شرائط پر سختی سے عملدرآمد کا مطالبہ کیا، شمشاد اختر نے اقتصادی جائزہ شروع ہونے سے قبل شرائط پر مکمل عملدرآمد کی یقین دہانی کرادی۔ یاد رہے کہ دو روز قبل نگران حکومت نے آئی ایم ایف کے ساتھ پہلا باضابطہ رابطہ کیا تھا، وزارت خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل رابطہ ہوا۔ آئی ایم ایف کے ساتھ رابطے میں گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں میں کمی کیلئے نئے پلان پر بات چیت کی گئی، آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر میں گردشی قرضوں میں کمی کے پلان پر مزید وضاحت مانگی

بقیہ 3

گیا۔ دفعات میں بغاوت پر اکسانے، فسادات کرانے اور ریاست کیخلاف جنگ پر اکسانے کے الزامات شامل ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی پر مجرمانہ سازش کرنے اور عوام کو مخصوص حلقوں کیخلاف اکسانے کا الزام بھی شامل کیا گیا۔ جبکہ انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی واقعات کے سلسلے میں پولیس کو عمران خان سے جیل میں تفتیش کی اجازت دے دی ہے۔ دوسری جانب انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کو لاہور میں جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں حماد اظہر سمیت 4 ملزمان کے خلاف اشتہاری کی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے، حماد اظہر کے علاوہ دیگر ملزمان میں غلام عباس، علی عباس اور سرمد ملک شامل ہیں۔ عدالت نے تھانہ گلبرگ پولیس کی درخواست پر کارروائی شروع کی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج اعجاز احمد بٹر نے پولیس کی درخواست پر سماعت کی، پولیس نے درخواست میں مؤقف اپنایا کہ ملزمان کو گرفتار کرنے کے لیے متعدد کوششیں کیں لیکن ملزمان گرفتاری کے خوف سے روپوش ہیں، اس لیے عدالت ملزمان کے خلاف اشتہاری کی کارروائی شروع کرنے کا حکم دے۔ قبل ازیں 9 مئی واقعات میں پاکستان تحریک انصاف کے متعدد سینئر رہنماؤں کو اشتہاری قرار دیا گیا تھا جن میں میاں اسلم اقبال، مراد سعید، فرخ حبیب اور علی امین گنڈا پور سمیت 22 افراد شامل تھے۔ اس کے علاوہ حسان نیازی، عندلیب عباس، اسد زمان چیمہ، واثق قیوم عباسی، احمد خان نیازی اور اعظم سواتی بھی اشتہاری قرار دیئے جانے والے رہنماؤں میں شامل تھے۔

بقیہ 4

کیس کی سماعت کی۔ وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ ایف آئی اے نے شاہ محمود قریشی کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کردی۔ عدالت نے وائس چیئرمین پی ٹی آئی کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا پر فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا۔ بعد ازاں خصوصی عدالت نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے شاہ محمود قریشی کا مزید 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا اور انہیں ایف آئی اے کے حوالے کر دیا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل شاہ محمود قریشی کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا گیا تھا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم عدالت میں سائفر تحقیقات کیس میں وائس چیئرمین پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق سماعت ہوئی تھی، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت قائم عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے وائس چیئرمین پی ٹی آئی کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا اور انہیں ایف آئی اے کے حوالے کیا گیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے شاہ محمود قریشی کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ وکیل شعیب شاہین نے بتایا کہ وائس چیئرمین پی ٹی آئی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا پر فیصلہ محفوظ کر لیا گیا۔ جبکہ۔ پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو گرفتاری کے بعد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ پی ٹی آئی رہنماء کو مقامی عدالت کے ڈیوٹی جج احتشام عالم کی عدالت میں پیش کیا گیا، ایف آئی اے کے وکیل نے اس معاملے کی تحقیقات کے لیے ملزم کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی۔

بقیہ 5

کرکام کرنے پر بھی بات کی۔ ترجمان کے مطابق امریکی سفیر نے پاکستان کی معاشی بحالی کیلئے آئی ایم ایف کے ساتھ شراکت داری کی بھی حوصلہ افزائی کی۔

بقیہ 6

کی تاریخ پر اتفاق شریف فیملی کے اجلاس میں ہوا۔ ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ شہباز شریف نے مشورہ دیا نواز شریف ستمبر کے بجائے اکتوبر کے وسط تک پاکستان پہنچیں۔ مسلم لیگ ن کے قائد کی واپسی پر ملک میں بڑے جلسے کیے جائیں گے۔ اس سے قبل نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ ستمبر کے وسط میں طے کی گئی تھی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے سابق سینیٹر چوہدری ظفر اقبال نے لندن میں ملاقات کی۔ سابق وزیراعظم نے وطن واپسی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وکلاء سے مشاورت جاری ہے، جلد پاکستان واپس آؤں گا۔ نواز شریف کا کہنا تھا کہ جمہوری سسٹم چلتا رہنا چاہیے، کسی صورت ڈی ریل نہیں ہونا چاہیے۔ جبکہ ن لیگ لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ ہفتے تک طے ہو جائے گی۔ نواز شریف کو استقبال کی تیاریوں سے متعلق بریفنگ دی، سابق وزیراعظم کی جانب سے مزید ہدایات جاری کی گئیں، لاکھوں لوگ اپنے قائد کے استقبال کیلئے آئیں گے۔ قبل ازیں سابق وزیراعظم نواز شریف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ ماضی میں چیف جسٹس نواز شریف کو دیوار سے لگانے میں مصروف تھے، آج عمران خان کو بچانے کو بچانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد کا الزام لگاتے ہوئے کہنا تھا کہ توشہ خانہ سے القادر ٹرسٹ تک کی کرپشن میں ملوث شخص کو بچانے کی پوری کوشش کی جا رہی ہے، سب جانتے ہیں یہ شخص کرپٹ ہے اس نے ملک کو تباہ کیا ہے۔

بقیہ 7

قوم بھگت رہی ہے پاکستان کی کرنسی مسلسل زوال کا شکار ہے آنے والا وقت پاکستانی قوم کے لیے انتہائی کربناک آ رہا ہے ان خیالات کا اظہار معروف قانون دان سماجی کارکن حال مقیم برطانیہ ملک راشد محمود اعوان ایڈووکیٹ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آج مہنگائی کو حکمرانوں نے آسمان تک پہنچا دیا ہے، چھوٹا طبقہ جس پر مہنگائی کے ساتھ ساتھ بلاوجہ ٹیکسوں کا بوجھ بھی ڈال دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا اب ملک کو کسی مسیحا کی ضرورت ہے وہ مسیحا جو ان طوفانوں کا مقابلہ کر کے عوام کو ریلیف دے سکے، اور ملک لوٹنے والوں کا حساب کر سکے اس کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ مجھے بیرون ملک آ کے یہ احساس ہوا ہے کہ ہمارا ملک کتنا پیچھے ہے، اپنے ملک کے حالات پر انتہائی مایوسی ہوئی کہ میرے قائد کے ملک کو ان ظالموں نے بے دردی سے لوٹا اور پستی میں ڈال دیا آج بیرونی ممالک اپنی ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں لیکن پاکستان کرپٹ حکمرانوں کی عیاشیوں اور لوٹ مار کا شکار رہا سماجی کارکن ملک راشد اعوان ایڈووکیٹ نے کہا کہ آج ان کرپٹ حکمرانوں کی وجہ سے عوام فاقہ کشی پر آ چکی ہے خودکشیاں، ڈکیتیاں اور چوریوں کی وجوہات صرف حکمرانوں کی ناقص پالیسیاں ہیں اور لوٹ ماریں انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر کوئی روزگار نہیں ہے اور نوجوان ڈگریاں اٹھائے مارے مارے پھر رہے ہیں، نوجوان انتہائی ڈپریشن کا شکار ہے مگر کرپٹ ٹولے نے اپنے مفاد پر ملک کو لوٹا اور اپنی عیاشیوں کے لیے استعمال کیا انہوں نے کہا کہ اگر ان حالات کو قابو میں نہ کیا گیا تو ملک کے اندر اندرونی معاشی خانہ جنگی اور چھینا تانی شروع ہو جائے گی جس کی ذمہ داری حکومت وقت پر ہو گی

بقیہ 8

1 روزہ دوران سروس ٹریننگ کا اختتام کیا۔ دوران ٹریننگ انتخابی عمل کے مختلف ضروری پہلوؤں پر مرکوز تھی۔ افسران کو الیکشن کمیشن کے قابل و تجربہ کار افسران نے تربیت دی جس سے انتخابی فریم ورک کے بارے میں ان کی استعداد میں اضافہ ہوا۔ اختتامی تقریب میں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ٹریننگ اجینڈر رمیڈم نگہت صدیق نے تمام افسران کو مبارکباد دی اور ان پر زور دیا کہ اور انہیں دوران فیلڈ عملدرآمد کرنے پر بھی زور دیا یاد رہے کہ اس سے قبل سول سروسز اکیڈمی لاہور میں بھی افسران کی تربیت کی گئی۔

بقیہ 9

وٹڈ میں ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق مریم نواز نے برطانوی ہائی کمشنر کے جاتی امرا پہنچنے پر استقبال کیا۔ ملاقات میں برطانوی ہائی کمشنر اور مریم نواز میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 10

فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ بچوں کی اسمگلنگ اور اغوا کیخلاف از خود نوٹس کی سماعت چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 31 اگست کو سماعت کرے گا۔ بینچ کے دیگر ارکان میں جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہیں۔ دوسری طرف آمدن سے زائد اثاثوں کے کیس میں اعجاز جاکھرانی کا نام ای سی ایل سے نکالنے کیخلاف نیب اپیل بھی مقرر کر دی گئی۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 30 اگست کو سماعت کرے گا، رجسٹرار آفس نے نیب کو نوٹس جاری کر دیا۔

بقیہ 11

میں متعلقہ حکام کی مؤثر اور بروقت کارروائی پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے ملک بھر میں تمام چیر لفٹس کی کڑی جانچ پڑتال اور حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 12

ریجنل میری ٹائم سیکیورٹی پٹرول اور انسانی ہمدردی اور ڈیزاسٹر ریلیف مشنز کے اقدامات کو اجاگر کیا۔ چیف آف دی نیول اسٹاف نے وزیر دفاع کو افسران و جوانوں کو بحری جنگ کے جدید رجحانات سے ہم آہنگ رکھنے کے لیے دی جانے والی عصری تربیت کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ نگراں وزیر دفاع نے ملکی بحری مفادات کے تحفظ میں پاک بحریہ کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے فرائض کی انجام دہی میں غیر متزلزل عزم اور قدرتی آفات کے دوران پیش پیش رہنے پر پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کی لگن کو سراہا اور پاک بحریہ کی آپریشنل تیاریوں پر اعتماد کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

سیکیورٹی صورتحال اور خطے میں پاک فوج کے امن و استحکام کے کردار پر اظہار خیال کیا، جنرل عاصم منیر نے پاکستان میں موجود پوٹینشل پر بھی گفتگو کی، جبکہ وفد کو پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے بھی زور دیا۔ اس موقع پر جنرل عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کیخلاف مؤثر کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، عالمی برادری پاکستان کی قربانیوں کا ادراک کرے۔ طلبہ نے تعمیری بات چیت کیلئے آرمی چیف کی دعوت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ یاد رہے کہ دو روز قبل آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے جنوبی وزیرستان کے علاقے آسمان منزہ کے قریب شیروانگی کا دورہ کیا تھا، آرمی چیف کو سیکیورٹی صورتحال اور انسداد دہشت گردی آپریشنز پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ آرمی چیف نے افسروں اور جوانوں سے ملاقات کی، جنرل عاصم منیر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں افسروں اور جوانوں کے عزم کو بھی سراہا۔ آرمی چیف نے کہا کہ شہداء ہمارا فخر ہیں اور انکی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو کسی صورت نہیں چھوڑا جائے گا۔ جنرل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ دہشت گرد، سہولت کار اور ان کے ساتھی ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ پاکستان میں مکمل امن و استحکام واپس آئے گا، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ریاست پاکستان کے سامنے سرنڈر کرنا ہو گا۔ جنوبی وزیرستان کے علاقے آسمان منزہ میں دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں 6 جوان شہید ہو گئے تھے۔

بقیہ 14

ترجمان احمد نواز خان جدون کے مطابق چیئرمین قومی وطن پارٹی و سابق وزیر داخلہ آفتاب احمد خان شیرپاؤ پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کریں گے، جس میں موجودہ ملکی صورتحال، آئندہ انتخابات اور انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالہ سے مشاورت کی جائے گی۔ سی ای سی ممبران کو اجلاس میں بروقت شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 15

سے ٹکرا گئی جس سے 2 خواتین سمیت 4 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ 10 افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاشوں و زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا، زخمیوں میں کچھ کی حالت تشویشناک ہے، جس سے اموات میں اضافے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 16

سیالکوٹ میں منشیات فروشوں کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا ہے کہ سیالکوٹ پولیس ضلع کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے بھرپور عزم کے ساتھ کوشاں ہے تاہم اس سلسلہ میں شہریوں کا تعاون ہمارے لیے اہم ہے، منشیات فروشوں سے متعلق 15 پر یا براہ راست ڈی پی او سیالکوٹ کے نمبر 03087865550 پر اطلاع دیں اور ضلع سے منشیات کے خاتمہ میں ہمارا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع دینے والے شخص کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 17

دوچار ہے، 24 کروڑ عوام کا پاکستان ہے لیکن کراچی سے لے کر چترال تک ہر انسان پریشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سے 3 دن قبل انڈیا نے چاند پر قدم رکھا ان کا مشن چاند کے زمین پر ایک ایسے علاقے میں موجود ہے جہاں پہلے کوئی نہیں پہنچا تھا، ساری دنیا کے اخبارات نے یہ خبر دنیا کے ہر انسان تک پہنچائی کہ بالاخر انڈیا نے چاند کے زمین پر قدم رکھا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک اس وقت مشکل وقت سے گزر رہا ہے، غریب مہنگائی سے تنگ ہیں اور خودکشیاں کر رہے ہیں، پی ڈی ایم کی حکومت نے مہنگائی عروج پر پہنچائی، نگرانوں نے بھی سابقہ حکمرانوں کی طرح بجلی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ کیا، عوام کے چولہے ٹھنڈے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بجلی، پٹرول، ڈیزل اور گیس مہنگی ہے، ہم مطالبہ کرتے ہیں فوری طور پر بجلی کی قیمت میں اضافہ واپس لیا جائے، بجلی کی قیمت سے مختلف قسم کے 36 سے زائد ٹیکس ہیں۔ سراج الحق نے کہا کہ توشہ خانہ کیس اکیلے چیئرمین تحریک انصاف پر نہیں بلکہ اس کے علاوہ بھی جو ہیں ان کو بھی قانون کے دائرے میں لایا جائے، حکمرانوں اور عدلیہ نے عوام کو کوئی انصاف نہیں دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی حکومت کے خلاف مولانا فضل الرحمان اور بلاول بھٹو زرداری نے مہنگائی کے خلاف لانگ مارچ کیا، اب مہنگائی عروج پر ہے، اب عوام کیلئے کیوں نہیں نکل رہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ گزشتہ حکومتوں میں پی ٹی آئی، پی ڈی ایم اور نگران حکومت نے آئی ایم ایف سے قرضہ لیا، اگر ہم حکومت میں آئے تو انصاف کا بول بالا کریں گے، غربت میں کمی لا کر مہنگائی کم کریں گے، جماعت اسلامی واحد جماعت ہے جو ملک کو بحرانوں سے نکال کر تقدیر بدل سکتی ہے۔

بقیہ 18

رہنما نے نیپئر تھانے میں گرفتاری دینے کا اعلان کیا ہے۔ تاجر تنظیموں نے شرجیل گوپلانی کی گرفتاری پر شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان بھی کر دیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ٹمبر مارکیٹ کے تاجروں نے کنکشن منقطع کرنے کیلئے آنے والے الیکٹرک کے عملے پر تشدد کیا تھا۔ تاجر رہنماں کا کہنا تھا کہ بجلی کے اضافی بل کسی صورت ادا نہیں کریں گے۔

بقیہ 19

ڈالر 298 روپے 93 پیسے تک جا پہنچا تھا۔ دوسری جانب گزشتہ روز انٹربینک کے زیر اثر اوپن مارکیٹ میں ڈالر مزید 3 روپے مہنگا ہو کر 315 روپے کی تاریخی سطح پر جا پہنچا۔ خیال رہے کہ نگران حکومت کے 14 روز میں انٹربینک میں ڈالر 13 روپے جبکہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر 25 روپے مہنگا ہوا ہے۔ صرف 8 کاروباری روز میں روپے کی قدر 3 فیصد سے زائد گر گئی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق بیرونی کمپنیز پر ڈالرز میں منافع باہر لیجانے پر بھی پابندی ہٹنے اور امپورٹ پر تمام پابندیاں ختم کرنے سے روپے کی قدر پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔

بقیہ 20

سرکاری افسران اور بیوروکریسی سے حساس معلومات لینے کی مذموم کوشش کی گئی۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ واٹس ایپ پر موبائل ہیکنگ لنک بھیج کر معلومات کے حصول کی بھی کوشش کی گئی۔ وزیراعظم آفس کے مطابق سرکاری افسران کو چوکنا رہنے اور کسی بھی غیر متعلقہ میسج کا جواب نہ دینے کی ہدایت کر دی گئی۔ وزیراعظم آفس نے سرکاری افسران کو ہدایت کی کہ غیر متعلقہ موبائل پیغام ملنے پر فوری کابینہ ڈویژن کو اطلاع دی جائے۔ وزیراعظم آفس کے اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ ملکی سیکیورٹی ادارے اس معاملے پر پوری طرح الرٹ ہیں۔

بقیہ 21

اور سول سوسائٹی کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ انجمن تاجران تونسہ نے بجلی بلوں کے خلاف مکمل پہیہ جام ہڑتال کی کال دے دی۔ صدر انجمن تاجران تونسہ نے کہا کہ اگر حکومت ظالمانہ بجلی کے بل واپس نہیں لیتی تو سوموار کو مکمل پہیہ جام ہو گی۔ جماعت اسلامی کے رہنما کا کہنا تھا کہ بجلی کے بلوں نے سفید پوش افراد کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔

بقیہ 22

میرج وڈ یتھ گرانٹ اور تعلیمی سکالرشپ کی 935 درخواستوں پر 3 کروڑ 92 لاکھ 64 ہزار روپے کی گرانٹ جاری کردی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرکاری ملازمین کی بچیوں کی شادی کی 543 درخواستوں کی مد میں 2 کروڑ 57 لاکھ 10 ہزار روپے، تجہیز و تکفین کی 389 درخواستوں پر ایک کروڑ 35 لاکھ 30 ہزار روپے اور تعلیمی وظائف کی فراہمی کی سابقہ تین درخواستوں کے اعتراضات دور ہونے پر 24 ہزار روپے کے فنڈز جاری کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ نے ہدایت کی کہ درخواستوں کو تیز رفتاری اور شفاف طریقے سے نمٹایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ نیئر شیخ کو بریفنگ دیتے ہوئے کاشف رضا اعوان نے بتایا کہ ماہانہ گرانٹ برائے بیوہ خواتین کے بھی 62 نئے کیسز پر فنڈز کی فراہمی کی منظوری دی گئی ہے

بقیہ 23

ٹریننگ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایل او ایس اچھرہ میں خواتین کو فری موٹرسائیکل کی ٹریننگ بھی دی جا رہی ہے، ٹریفک پولیس لائنز مناواں میں بھی ڈرائیونگ سکول قائم ہے، خواہشمند امیدوار ڈرائیونگ ٹریننگ کیلئے ہیلپ لائن 15 پر کال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 24

۔چیف جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس جمال خان مندوخیل پر مشتمل تین رکنی بینچ 31 اگست کو کیس کی سماعت کرے گا۔ رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت کیلئے اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرلز سمیت تمام فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے ہیں۔

بقیہ 25

گیا۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ ملبے سے خاتون اور دو بچوں کو زخمی حالت میں نکال کر اسپتال منتقل کر دیا گیا

بقیہ 26

پاتھوں، سڑکوں کے اطراف، خالی پلاٹوں، بسوں کے اڈوں اور نالوں کے ارد گرد بے شمار چلتی پھرتی لاشیں دکھائی دیتی ہیں۔ ذرائع کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں پشاور روڈ، نصیر آباد، آرائے بازار، فیض آباد، پیرودھائی، مغل آباد، ڈھمیال، چکری روڈ، ڈھوک سیداں، لال کڑتی، ٹاہلی موری سمیت دیگر علاقوں میں سینکڑوں افراد سرعام نشے کا زہر اپنے جسموں میں اتارتے نظر آتے ہیں جنہیں نہ تو کوئی روکتا ہے اور نہ ہی انہیں کسی کی پرواہ ہے۔ ان میں ہر عمر کے افراد، کم عمر بچے، نوجوان اور بڑی عمر حتی کہ خواتین بھی شامل ہیں۔ یہ لوگ اپنی طلب پوری کرنے کے لئے چوری چکاری اور دیگر جرائم میں بھی ملوث ہیں۔ انہیں ہیروئن، چرس اور دیگر منشیات کون فراہم کرتا ہے اور ان کی منشیات تک رسائی اتنی آسان کیسے ہے؟ اس میں سب سے پہلی ذمہ داری مقامی پولیس کی ہے اور منشیات کی لعنت ختم کرنے میں ان کی ذمہ داری دیگر کسی بھی ادارے سے زیادہ ہے۔ پولیس کو منشیات کے مکرو دھندے میں ملوث ملزموں کیخلاف گرینڈ آپریشن کرنے چاہئیں۔ اس حوالے سے حکومت اور این جی اوز کو منشیات میں مبتلا افراد کی بحالی کے لئے بھی اقدامات کرنے چاہئیں۔

بقیہ 27

کرلواحقین کے حوالے کر دیا۔

بقیہ 28

والے افراد کی نعشیں اور زخمی شخص کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال صوابی منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 صوابی کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت ولی اللہ ولد صفی اللہ، سبطین ولد صفی اللہ، عامر ولد صفی اللہ، عماد ولد صفی اللہ جبکہ زخمی شخص کی شناخت نوید ولد سبز علی کے ناموں سے ہوئی ہیں۔

بقیہ 29

والوں کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اہلیان علاقہ نے اے سی گوجر خان میاں مراد حسین نیکوکارہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے جس طرح شہر کے دیگر حصوں میں نالوں کی برابر صفائی کروائی جا رہی اور تمام اٹے ہوئے نالوں سے کچرا نکالا جا رہا ہے ایسے ہی حیا تسر روڈ کی سائیڈوں پر بنے نالوں کی چھتوں کو توڑ کر نالوں کی پوری صفائی کروائی جائے اور تمام کچرا نکلوایا جائے اور اس کے بعد ان نالوں کے اوپر پختہ چھت ڈالنے کے بجائے لوہے کی گرلیں اوپر ڈالی جائیں تاکہ بعد میں بھی نالوں کی صفائی کے دوران عملے کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ اس وقت عملہ جہاں سے نالہ چھتا نہیں ہوتا وہاں سے تو کچرا نکال لیتا ہے مگر جہاں سے نالے پختہ ہیں وہاں سے صفائی نہ ہونے کے باعث نالے کچرے سے اٹے ہوئے ہیں جس بنا پر نکاسی آب نہ ہونے کے باعث ذرا سی بارش سے پانی نالوں سے باہر نکل آتا ہے پورا مین روڈ اور ملحقہ گلیاں زیر آب آنے کی وجہ سے علاقہ مکین سخت اذیت کا شکار ہیں

بقیہ 30

سے متاثرہ کمیونٹیز کی مکمل بحالی کا راستہ ایک پیچیدہ کوشش ہے، جس کے لیے نہ صرف فوری اقدامات کی ضرورت ہے بلکہ طویل مدتی حل کے لیے مستقل عزم کی بھی ضرورت ہے، انہوں نے مزید کہا۔ عادل نے بتایا کہ 2022 میں پی ایچ ایف کی رکن تنظیموں (INGOs) نے پورے پاکستان میں 400 منصوبوں پر عمل درآمد کیا، بشمول آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان۔ ان منصوبوں میں 296 ایسے اقدامات شامل تھے جو انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے وقف تھے، خاص طور پر 2022 کے سیلاب کے جواب میں، اور 104 ترقیاتی کاوشوں پر مرکوز تھے۔ 330 ملین ڈالر سے زیادہ مالیت کے ان اقدامات سے ملک بھر میں 21.2 ملین سے زیادہ افراد مستفید ہوئے۔ حکومتی تعاون اور مدد پر تفصیلات فراہم کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ حکومت اور سول سوسائٹی کے درمیان شراکت داری کامیابی کے پل کے طور پر ابھرتی ہے، ایک پائیدار اور خوشحال پاکستان کے لیے کمیونٹیز کو متحد کرتی ہے۔ حکومت پاکستان تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول INGOs بین اقوامی فلاحی تنظیمیں (کے ساتھ قدرتی آفات کے خطرے میں کمی، پائیدار بحالی، اور تعمیر نو (4RF) ماڈل کے نفاذ کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے، جو سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور بحالی کے لیے ایک اسٹریٹجک فریم ورک ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ماڈل، لوکلائزیشن اور موافقت کے ایکشن پلان کے ساتھ، پائیدار بحالی کے حصول کے لیے ایک روڈ میپ فراہم کرتا ہے۔ شیراز نے حکومتی اداروں، مقامی کمیونٹیز، ضلعی انتظامیہ، سول سوسائٹی کی تنظیموں، اور بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیموں (INGOs) کے درمیان تعاون پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اجتماعی کوششوں کے ناگزیر کردار پر روشنی ڈالی۔ وسائل کی موثر تقسیم اور حکمت عملیوں کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے ان شراکتوں کو مضبوط بنانا بہت ضروری ہے۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کے دوران پی ایچ ایف کے کنٹری کوآرڈینیٹر سید شاہد کاظمی نے بتایا کہ پی ایچ ایف 44 غیر سرکاری تنظیموں (INGOs) کا نمائندہ فورم ہے جو حکومت پاکستان کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ کاظمی نے ایک فورم کے طور پر پی ایچ ایف کے کردار پر زور دیا، جس نے حکومت، اقوام متحدہ کی ایجنسیوں، انسانی ہمدردی کے اسٹیک ہولڈرز، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور میڈیا کے ساتھ روابط میں INGOs کے لیے ایک پل کا کردار ادا کیا۔ انہوں نے ملک میں قدرتی آفات یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے دوران قومی اور بین الاقوامی میڈیا کے اہم کردار کو سراہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میڈیا کے غیر متزلزل ردعمل نے ملک کے مشکل ترین وقت میں معلومات، اتحاد اور مدد کی امید کا کام کیا ہے۔ میڈیا کی تیز رفتار کوریج، معلومات کی موثر ترسیل، اور شعور پیدا کرنے کی کوششیں اس کے روایتی کردار سے ہٹ کر قوم کو بحرانوں کا اجتماعی طور پر جواب دینے کے لیے ایک اہم عمل انگیز کے طور پر ابھرتی ہیں۔ شاہد کاظمی کا کہنا تھا کہ امدادی کارروائیوں کو تیز کرنے اور پائیداری کے جذبے کو فروغ دینے سے، میڈیا کا اثر و رسوخ جغرافیائی اور ثقافتی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے بہت دور تک پھیلا ہوا ہے۔ پی ایچ ایف کے کنٹری کوآرڈینیٹر نے یہ بھی بتایا کہ سینیٹ کے چیئرمین نے پی ایچ ایف کی ایگزیکٹو کمیٹی برائے ایجوکیشن پارلیمنٹرین کاکس سے تین معزز اراکین کو نامزد کیا ہے، خاص طور پر موسمیاتی تبدیلی اور آفات کے خطرے میں کمی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے حکومتی سطح پر یہ تسلیم پی ایچ ایف کی رکن تنظیموں کے قومی ترقی اور انسانی ہمدردی کے ردعمل میں کردار کو مزید اجاگر کرتا ہے۔"

بقیہ 31

ڈی جی آر ڈی اے کے مطابق ایسی غیر قانونی ہاسنگ سکیموں کی تشہیر کرنا جن کی آر ڈی اے سے کوئی قانونی اجازت نہیں ہے جو کہ پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاسنگ سکیم رولز 2021 کے (1)46 کے تحت غیر قانونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سپانسر اتھارٹی کی پیشگی منظوری کے بغیر پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا یا کسی بھی طریقے سے پلاٹوں یا ہاسنگ یونٹس کی فروخت کی تشہیر نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے آگاہ کیا جاتا ہے کہ جب تک کسی پروجیکٹ کو آر ڈی اے سے این او سی نہیں ملتا اسے منظور شدہ یا قانونی منصوبہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ لیکن نجی مارکیٹنگ کمپنیوں کے ویب سائٹس عوام الناس کو گمراہ کر رہی ہیں جو صرف اشتہارات کی تلاش میں بھاری رقم لگا رہے ہیں۔ ایسے منصوبوں کی مارکیٹنگ و پروجیکشن سے عوام الناس کو یہ تاثر ملتا ہے کہ پراجیکٹ پہلے سے منظور شدہ اور قانونی ہے۔ ایسی کمپنیوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ آپ اس غیر قانونی سرگرمی کا حصہ نہ بنیں جس کے ذریعے غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیوں میں سرمایہ کاری کرنے والے عام لوگوں کو دھوکہ دے سکتے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے محمد سیف انور جپہ نے ان غیر قانونی سکیموں کے تمام مواد کو ہٹانے کی ہدایت کی ہے۔ جس سے غیر منظور شدہ، جعلی اور غیر قانونی ہاسنگ سکیموں میں پلاٹوں کی بکنگ کی صورت میں عام لوگوں سے پیسے کی بھاری لین دین شروع ہو سکتی ہے اس طرح الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے عام لوگوں کو دھوکہ دیا جا رہا ہے۔ مزید برآں، منصوبوں کی قانونی حیثیت آر ڈی اے کی ویب سائٹ www.rda.gop.pk پر آسانی سے قابل رسائی ہے یا ایم پی اینڈ ٹی ای ڈائریکٹوریٹ آر ڈی اے سے براہ راست حاصل کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ 1976 اور پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاسنگ سکیمز رولز 2021 کی عدم تعمیل کی صورت میں، آر ڈی اے متعلقہ قانون کے تحت کمپنیوں کے خلاف قانونی کارروائی شروع کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

بقیہ 32

منطقی ہے جس کا آئین و قانون سے سروکار نہیں۔ کنور دلشاد کا کہنا ہے کہ سی سی آئی کے فیصلے کے بعد الیکشن کمیشن پابند ہے کہ از سر نو حلقہ بندی کی جائے، الیکشن کمیشن نے آئین کے تحت از سر نو حلقہ بندیوں کے لیے روڈ میپ دیا، حلقہ بندیوں سے متعلق الیکشن کمیشن کا روڈ میپ 14 دسمبر کو مکمل ہو گا۔ سابق سیکریٹری الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ حلقہ بندیوں کے بعد ووٹر لسٹوں کا معاملہ شروع ہو گا جس میں بھی تین ماہ درکار ہیں، لگ رہا ہے کہ مارچ کے ماہ میں الیکشن کمیشن انتخابی شیڈول جاری کرے گا۔ کنور دلشاد کا مزید کہنا ہے کہ انتخابی شیڈول کے بعد بھی 2 ماہ لگیں گے، مجھے آئندہ عام انتخابات مئی 2024 سے پہلے ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں۔

بقیہ 33

۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ موجودہ حالات کے سب سے زیادہ ذمہ دار سیاستدان ہیں، 600 ارب روپے سالانہ کے بجلی کے لائن لاسز ہیں، بجلی کیسے سستی دیں گے، ملک کی سیاسی قیادت کے پاس وقت نہیں رہا، انہیں ہوش کے ناخن لینے ہوں گے، یہ سیاستدانوں کے پاس آخری موقع ہے، ورنہ نتائج کے سب ذمہ دار ہوں گے۔ شاہد خاقان عباسی کا مزید کہنا تھا کہ نظام میں وسیع پیمانے پر اصلاحات کی ضرورت ہے، بزنس کمیونٹی حکومت کے پاس مانگنے کے بجائے اس سے جان چھڑوانے جائے، جب تک حکومتوں کی کاروبار میں مداخلت رہے گی، مسائل اسی طرح رہیں گے۔

بقیہ 34

ایڈووکیٹ جنرلز سمیت تمام فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ یاد رہے کہ چیف جسٹس پاکستان نے انسانی اسمگلنگ سے متعلق کیس میں ریمارکس دیئے تھے کہ یونان میں ہونے والا کشتی حادثہ انسانی حقوق کا مسئلہ ہے، سادہ لوح غریب شہریوں کو بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دیا جاتا ہے۔ گزشتہ دنوں سپریم کورٹ میں انسانی اسمگلنگ کیخلاف دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی تھی، چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے تھے کہ ملک میں خواتین اور بچوں کی بھی انسانی اسمگلنگ ہو رہی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے استفسار کیا کہ کیا حکومت کے پاس بچوں کی اسمگلنگ کے اعداد و شمار ہیں؟۔ جس پر ڈی جی وزارت انسانی حقوق نے بتایا کہ بدقسمتی سے درست اعداد و شمار موجود نہیں۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ انسانی اسمگلنگ کے حوالے سے بنائے گئے 2018 کے قانون میں ابہام ہے، بنیادی مسئلہ قوانین پر عملدرآمد کیلئے اسپشلسٹ فورس نہ ہونا بھی ہے۔ انسانی اسمگلنگ روکنے کا کام بھی پولیس کے ذمے تھا، سپریم کورٹ نے کچھ عرصہ قبل طیبہ تشدد کیس بھی سنا تھا۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کم سن گھریلو ملازمہ طیبہ آج نویں جماعت کی ہونہار طالبہ ہے، طیبہ کو اس کے گھر والے چھوڑ چکے تھے، وہ ایس او ایس ویلج میں رہتی ہے۔ بچوں کو تحفظ دینے کے ساتھ ساتھ انہیں مضبوط بنانا بھی ضروری ہے، ہمیں معاشرے کی تربیت کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 35

تک بڑھا دی ہیں۔ ادھر بہاولپور میں دریائی بیلٹ کی کئی بستیوں سے لوگ محفوظ مقامات پر منتقل ہو گئے، بورے والا کے مقام پر بھی پانی کی سطح میں اضافے سے متعدد چھوٹے بند ٹوٹ گئے ہیں۔ ادھر دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کے باعث پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا کہ دریائے سندھ اور ستلج میں سیلابی صورتحال ہے، شہری دریاں، ندی نالوں میں نہانے اور سیر و تفریح سے گریز کریں۔ پی ڈی ایم اے نے کہا کہ دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے اور سلیمانکی اور گنڈا سنگھ کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ ترجمان نے کہا نے کہا کہ دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے اور دریا میں تربیلا کالا باغ، چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دریائے چناب، راوی اور جہلم میں پانی کا بہا نارمل ہے، پی ڈی ایم اے کنٹرول روم سے صورتحال کی مانیٹرنگ جاری ہے۔

بقیہ 36

ونگر، وہاڑی میں ریسکیو ٹیمیں امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ ترجمان کا سیلابی علاقوں میں ریسکیو کی 425 کشتیاں، 1660 اہلکار سروسز فراہم کر رہے ہیں 24 گھنٹوں میں 8484 لوگوں کا انخلا، 420 افراد کی ٹرانسپورٹیشن، 341 جانوروں کو محفوظ مقام پہ منتقل کیا گیا

بقیہ 37

کے سی ای او ژانگ چی نے کہا کہ روایتی چینی تکنیک وں کے ساتھ مل کر اعلیٰ درجے کی بین الاقوامی ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اے آئی آئی سی میں 2022 میں قائم ہونے والے صنعتی یونٹ میں مختلف قسم کی کروکری چیزیں تیار کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پیداوار نو ماہ قبل شروع کی گئی تھی۔ گوادر پرو کے مطابق گرین کراکری ایکسپورٹ منیجر شوکت اباس میکن نے کہا کہ برطانیہ کو کروکری برآمد کرنے کے سلسلے میں ستمبر کے پہلے مہینے میں مزید دو برآمدات کا آغاز ہونے والا ہے، ہمیں ایک اور بڑی کمپنی سے ایک اور آرڈر ملا ہے۔ نمونوں کی منظوری کے بعد، یہ ایک میگا ایکسپورٹ آرڈر ہو سکتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ 10 ایکڑ رقبے پر پھیلی گرین کراکری 1500 سے زائد افرادی قوت کو روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی پیشہ ور اور تکنیکی ماہرین پاکستانی کارکنوں کے ساتھ کروکری بنانے کے کاروبار میں کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس امتزاج سے چینی ماہرین پاکستان کے انسانی وسائل کو تربیت دے رہے ہیں اور مقامی لوگوں کو ٹیکنالوجی منتقل کر رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ کمپنی میں خواتین ملازمین کا تناسب 20 فیصد ہے جو آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہے۔ اب پاکستان کے درآمدی بل میں اضافے کی وجہ سے چین سے درآمد کرنے کے بجائے پاکستانی تاجر اور تاجر علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی) اے آئی آئی سی (میں گرین کروکری جیسی چینی کمپنیوں میں اپنے آرڈر دے سکتے ہیں۔ گرین کروکری کے ایک اور عہدیدار نے کہا کہ اے آئی آئی سی کو سرمایہ کاری کے لئے کسٹم ڈیوٹی اور 10 سالہ ٹیکس چھوٹ جیسی مراعات حاصل ہیں، جو غیر ملکی اور مقامی سرمایہ کاروں دونوں کے لئے بہت منافع بخش ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق اسپیشل اکنامک زونز ایکٹ 2012 کے تحت پنجاب نے 10 خصوصی اقتصادی زونز قائم کیے ہیں جو کاروبار دوست ادارہ جاتی، قانونی اور انفراسٹرکچر ایکوسسٹم کی فراہمی کے ذریعے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای زیڈز کے قیام سے کاروبار میں آسانی پیدا ہوتی ہے، معاشی ترقی اور غربت کے خاتمے کے اہداف کو آگے بڑھایا جاتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق جنوری 2020 میں شروع ہونے والا اے آئی آئی سی اسٹریٹجک طور پر ایم تھری انڈسٹریل سٹی ایس ای زیڈ کے بالکل سامنے واقع ہے اور ساہیانوالہ انٹرچینج، موٹروے ایم 4، فیصل آباد میں فلائی اوور کے ذریعے آپس میں منسلک ہے۔

بقیہ 38

ہفتے تک ملتوی کر دی تھی۔ جبکہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے بھی عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت آج دن ساڑھے 11 بجے تک ملتوی کی تھی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز نے دلائل دیئے۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ عدالت اس وقت سزا معطلی کی درخواست پر سماعت کر رہی ہے۔ سزا معطلی کی درخواست پر عدالت میرٹس پر گہرائی میں نہیں جائے گی، یہ سوالات تو آئیں گے کہ ملزم کو حق دفاع ہی نہیں دیا گیا۔ مجھے تو کوئی اپنے ریٹرنز فائل کرنے کا کہے تو میں تو خود نہیں کر سکتا۔ وکیل الیکشن کمیشن نے کہا کہ قانون کے متعلقہ دونوں شقیں کہتی ہیں کہ ریاست کو نوٹس جاری کیا جانا ہے، سزا کے خلاف اپیل پر ریاست کو نوٹس ضروری ہے۔ ریاست کے پاس فیصلے کے دفاع کا حق موجود ہے، ریاست نے فیصلہ کرنا ہے کہ وہ فیصلے کا دفاع کرے گی یا نہیں۔

بقیہ 39

نا قابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کر دی۔ ابراہیم ابڑو ایڈووکیٹ نے دوران سماعت مؤقف اختیار کیا کہ مقبول باقر 4 اپریل 2022 کو سپریم کورٹ سے بطور جج ریٹائرڈ ہوئے۔ چیف جسٹس احمد علی شیخ نے قرار دیا کہ مقبول باقر سپریم کورٹ کے جج ریٹائرڈ ہوئے ہیں، وکیل احترام سے بات کریں۔ بتایا جائے کس قانون کی خلاف ورزی کی گئی؟۔ درخواست گزار وکیل نے بتایا کہ مقبول باقر دو سال تک کسی منافع بخش عہدے پر تعینات نہیں ہو سکتے۔ جسٹس یوسف علی سعید نے ریمارکس دیئے کہ درخواست گزار غلط قانون بتا رہے ہیں، وہ پاکستان سروسز رولز دیکھیں۔ سندھ ہائیکورٹ نے نگران وزیر اعلی کی تعیناتی کیخلاف درخواست مسترد کرنے کا مختصر حکم جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ نگران وزیر اعلی سندھ جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر کی تقرری کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ مقبول باقر 4 اپریل 2022ء کو سپریم کورٹ سے بطور جج ریٹائر ہوئے، آرٹیکل 207 کے تحت جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر نگران وزیر اعلی نہیں بن سکتے۔ مقبول باقر ریٹائرمنٹ کے 2 سال مکمل کئے بغیر نگران وزیر اعلی نہیں بن سکتے، درخواست میں استدعا کی گئی کہ نگران وزیر اعلی سندھ کی تقرری کو کالعدم قرار دیا جائے۔ جبکہ سندھ اسمبلی تحلیل ہونے کے بعد نگران وزیر اعلی سندھ کیلئے جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر کی تعیناتی کی منظوری دی تھی۔

بقیہ 40

ہدایت کی، شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا بنیادی مقصد عوام کے مسائل کو انکی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ جس کیلئے ضلعی اور تحصیل انتظامیہ اپنے تمام وسائل بروئے کار رہی ہے۔

بقیہ 41

کی امداد میں تاخیر ہوتی ہے، ایمرجنسی ہیلپ لائن مصیبت میں مبتلا شہریوں کی سہولت کیلئے حکومت کی ایک فری سروس ہے، شہریوں سے اپیل ہے ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری کالز سے اجتناب کریں۔

بقیہ 42

کوشش ہے جو ان کے فیصلے کی وضاحت کرتی ہے۔ خواتین معاشرتی، معاشی اور سیاسی سرگرمیوں میں اپنا نام پیدا کرتی ہیں جو ان کی محنت اور لگن کا ثبوت ہوتا ہے جو ہمارے معاشی مسائل کو دور کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بانی ویمن چیمبر آف کامرس ساؤتھ فریدہ قریشی نے کہا کہ ہمارے معاشرتی اور اقتصادی ترقی کے لئے ضروری ہے کہ خواتین بھی مردوں کی طرح مختلف شعبوں میں حصہ لینا چاہئے اور گریجویشن سے ماسٹرز تک بہتر تعلیم حاصل کرنی چاہئے اور میں یقین دلاتی ہوں کہ خواتین اپنے قابلیت سے استفادہ کر کے معاشرتی اور اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں ہماری سینئر وائس پریزیڈنٹ شمی خان نے بھی بہت انتھک محنت کی اور اس مقام تک پہنچی اور ثابت کیا کہ خواتین بھی محنت سے کاروباری دنیا میں اپنے قدم جما سکتی ہیں اس کے لیے وسائل بھی خود پیدا کرنے پڑتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر بانی ویمن چیمبر آف کامرس فریدہ قریشی اور سینئر نائب صدر ساؤتھ شمی خان نے شرکاء میں ایوارڈز و اسناد تقسیم کئے اور خواتین کو بہتر کاروبار کے لیے جیولری، کاسمیٹکس آئٹم، خوبصورت کپڑے، ہینڈی کرافٹس اور دیگر مصنوعات کے اسٹالز بھی لگائے گئے۔ اس موقع پر سندھ پولیس کی بہادر آفیسر ایس ایس پی نسیم آراء پنہور، معروف آرٹسٹ غزالہ جاوید، ایگزیکٹو آفیسر بسمہ بدر، عاصم خان، باسط اور دیگر منتظمین بھی موجود تھے۔

بقیہ 43

سینئر افسران ہمراہ نفری نے کرسچن کالونی پہنچ کر واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی پولیس کے مطابق مسیحی برادری کے دو فریقین کا آپس میں جائیداد کے تنازعہ اور ایک دوسرے کو دھمکیاں دینے کا ہے جسے غلط رنگ دینے کی کوشش کی گئی ہے جبکہ علاقے میں حالات پر امن ہیں۔ ترجمان راولپنڈی پولیس نے شوشل میڈیا چلنے والی بے بنیاد خبر کی تردید کی ہے۔ راولپنڈی پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔ ادھر مسلم برادری کے افراد بھی خبر ملتے ہی متحرک ہو گئے اور مسیحی برادری کے مکینوں کو مکمل تحفظ کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 44

ہے۔ ہر محکمہ منہ کھولے انھیں ہڑپ کرنے میں مصروف ہے۔ واسا کے پانی کے بلوں میں 500 گنا اضافہ، بجلی کے بلوں میں غیر معمولی اضافہ، پراپرٹی ٹیکس، بورڈ ٹیکس، سوشل سیکورٹی، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ اور اس طرح کے بیسیوں ٹیکسز نے نجی تعلیمی اداروں کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ اب تک ہزاروں تعلیمی ادارے بند ہو چکے ہیں۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ حکومت فوری طور پر نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل پر فوری توجہ دے ورنہ یہ ادارے بھی بند ہو جائیں گے۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ حکومت نے نجی تعلیمی اداروں کی کیٹیگریز پر کوئی کام نہیں کیا ادارہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو۔ سٹوڈنٹس کی تعداد 50 ہو یا 1000 دونوں پر ایک ہی شرح سے ٹیکسز اور دیگر چارجز کا اطلاق ہوتا ہے جو کہ انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نجی تعلیمی اداروں کو کمرشل کیٹیگری سے نکال کر ڈومیسٹک کیٹیگری میں شامل کیا جائے اور بجلی کے بلوں پر لگائے گئے ظالمانہ ٹیکسز کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔

بقیہ 45

آئیسکو دفاتر کیلئے 5 سو اہلکار و افسران تعینات کر دیئے، ترجمان پولیس کے مطابق ضرورت پڑنے پر آئیسکو دفاتر کی سکیورٹی کیلئے اضافی نفری بھیجی جائے گی۔

بقیہ 46

کینٹ کچہری سے پولیس حراست سے فرار ہوئے تھے، گزشتہ روز ملزم کو زمان پارک ناکے پر گرفتار کیا گیا۔ جسٹس محمد وحید خان نے کہا کہ عدالت کے علم میں آنے کے بعد آپ نے گرفتاری ڈال دی، عدالت نے پولیس سے استفسار کیا کہ آپ ایسی غیر قانونی چیزیں کیوں کرتے ہیں؟ عدالت نے ملزم سے پوچھا کہ کیا آپ پولیس حراست سے بھاگے تھے جس پر سجاد علی نے جواب دیا جی حراست سے فرار ہوا تھا۔ ملزم کے وکیل اشتیاق اے خان نے کہا کہ میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں جس پر عدالت نے کہا کہ اب آپ نے عرض کیا کرنا ہے، چھوڑیں اور ریمانڈ میں جا کر پیش ہوں، بعد ازاں عدالت نے درخواست نمٹا دی

بقیہ 47

قیمت، بیرون ملک سمگلنگ کی روک تھام بارے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی بینک کے نمائندوں، وزارت خزانہ، ایف بی آئی اور کسٹمز انٹیلی جنس افسران نے شرکت کی۔ شرکاء نے ڈالرز کی سمگلنگ میں غیر ملکی کرنسی کا کاروبار کرنے والے افراد کے کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ مرکزی بینک نے کہا کہ سمگلنگ میں غیر ملکی کرنسی ڈیلنگ کے غیر مجاز افراد ملوث ہیں، ایسے اداروں اور افراد کے خلاف فوری کارروائی کی ضرورت ہے۔ جس پر تمام غیر مجاز کاروباری اداروں اور افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں قیمتی پتھروں، سونے و دیگر قیمتی دھاتوں کی سمگلنگ بارے بھی پالیسی واضح کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 48

رضوانہ کی رضامندی سے کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 49

، تقریب میں ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے افسران و اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر تعلیم منصور قادر کا کہنا تھا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد پروفیشنل ٹریننگ پالیسی صوبے بھر میں نافذ کی جائے گی، اس پالیسی کا ایم او یو ایک بڑی کامیابی ہے، ایم او یو کے تحت دونوں ادارے فیکلٹی پروفیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ سٹاف ٹریننگ پالیسی ترتیب دیں گے۔

بقیہ 50

اخلاق شامل ہیں

بقیہ 51

ذریعے فحاشی پھیلانے سے بعض رہیں گے تاہم جب گزشتہ شب ان تھیٹرز پر چھاپے مارے گئے تو وہاں ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی جاری تھی لہذا ان تھیٹرز کو غیر معینہ مدت کے لیے سیل کر دیا گیا ہے۔ عامر میر نے کہا کہ کمرشل تھیٹرز میں ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی روایتی تھیٹر کے تقدس کو پامال کر رہی ہے۔ تھیٹرز کو پرفارمنگ آرٹ کا سب سے طاقتور ذریعہ میڈیم سمجھا جاتا تھا۔ چند ضمیر فروشوں کی حوص پرستی کے سبب تھیٹر فحاشی کے اڈے بنا دیے گئے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے کہا کہ حکومت پنجاب نے فیصلہ کیا ہے کہ ڈرامہ ایکٹ میں ترمیم کرتے ہوئے ڈراموں میں ڈانسز پر پابندی عائد کی جائے گی اور تھیٹر مالکان اور پروڈیوسرز پر خلاف ورزی پر بھاری جرمانے اور پابندی عائد کی جائے گی۔ حکومت نے ڈرامہ ایکٹ میں ترامیم کا عمل شروع کر دیا ہے اور اب بیہودگی پھیلانے والے تھیٹرز تب ہی کھولے جائیں گے جب ڈرامہ ایکٹ میں ترامیم کر لی جائیں گی۔ عامر میر نے کہا کہ پنجاب کے دیگر شہروں میں تھیٹرز اور سٹیج ڈرامے جاری ہیں اور انہیں باریک بینی سے مانیٹر کیا جا رہا ہے تاکہ وہاں بھی ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی پر فوری کارروائی عمل میں لائی جا سکے

بقیہ 52

تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے ہیں، بجلی کی فی یونٹ قیمت 65 روپے ہو گئی ہے۔ بجلی صارفین سے اضافی قیمت بقایا جات کی صورت میں وصول کرنا شروع کر دیا گیا۔ ملک کی بڑی الیکٹرک کمپنی لیسکو نے گھریلو صارفین کیلئے بجلی کی نئی قیمتیں مقرر کر دی ہیں۔ لیسکو کے 100 یونٹ تک نان پروٹیکٹڈ صارفین سے 22 روپے فی یونٹ، 101 یونٹ سے 200 یونٹ تک استعمال پر تقریباً 32 روپے فی یونٹ، 201 سے 300 یونٹس تک استعمال پر قیمت تقریباً 37 روپے فی یونٹ، 301 سے 400 یونٹس تک تقریباً 43 روپے فی یونٹ، 401 سے 500 یونٹ تک تقریباً 47 روپے فی یونٹ، 501 یونٹ سے 600 یونٹ تک 49 روپے فی یونٹ، 601 سے 700 یونٹس تک تقریباً 52 روپے فی یونٹ اور 700 یونٹ سے زائد پر 65 روپے فی یونٹ کے حساب سے بل وصول کیے جائیں گے۔ جبکہ نیپرا کی جانب سے دو روز قبل ہی بجلی صارفین پر بجلی بم گرایا گیا تھا۔ بجلی کی قیمت سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت 5 روپے 40 پیسے فی یونٹ مہنگی کی گئی۔ نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ڈسکوز کی جانب سے بجلی 5 روپے فی یونٹ مہنگی کرنے کی درخواست پر سماعت کی تھی۔

بقیہ 53

مالک کارخانہ موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا تھانہ میں مقدمہ درج۔

بقیہ 54

دریائے چناب، راوی اور جہلم میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عمران قریشی کے مطابق تمام دریاؤں، براجز، ڈیمز اور نالہ جات میں پانی کے بہاؤ کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے، پی ڈی ایم اے کنٹرول روم سے تمام تر صورتحال کی مانیٹرنگ جاری ہے، شہری دریاؤں ندی نالوں میں نہانے اور سیر و تفریح سے گریز کریں۔

بقیہ 55

کے 77 دیہات زیر آب آ گئے۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی سید آصف حسین شاہ نے بتایا کہ ہیڈ اسلام پر پانی کا اخراج ایک لاکھ 33 ہزار 326 کیوسک ہو گیا۔ میلسی سائفن ہیڈ ورکس پر پانی کا اخراج 80 ہزار 685 کیوسک ہے۔ متاثرہ علاقوں کے 99 فیصد لوگ محفوظ مقامات پر منتقل کر دیے گئے۔ ضلع میں 13 مقامات پر ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ اس وقت 105 ریسکیو فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔ اب تک ضلع میں 29 ہزار 680 افراد محفوظ مقامات پر منتقل کئے گئے جبکہ 1504 جانوروں کو محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق 7293 افراد کو ٹرانسپورٹیشن کی سہولت دی گئی۔ وہاڑی کے علاقوں جملیرا، ماجھی والا، ساہوکا، موضع بھٹیاں میں ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ اسی طرح فاروق آباد، لکھا، مہر آباد، کچھی والا، ہیڈ اسلام پر بھی امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ کالیا شاہ، موضع سائفن، فتح پور اور قطب پور میں بھی ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ فی الوقت 26 کشتیاں ریسکیو آپریشن میں استعمال کی جا رہی ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اور پولیس نے لوگوں کو نشیبی علاقوں سے نکالا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ گزشتہ ایک ماہ سے لوگوں کو سیلاب پانی کی شدت سے آگاہ کر رہی ہے۔ ضلع وہاڑی میں تین خیمہ بستیاں 20 فلڈ ریلیف کیمپ قائم ہیں۔ دوسری جانب ترجمان پی ڈی اے کا کہنا ہے کہ دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ اسی طرح سلیمانکی اور گنڈا سنگھ کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ دریائے سندھ میں تربیلا کالا باغ اور چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے تاہم دریائے چناب راوی اور جہلم میں پانی کا بہا معمول کے مطابق ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمران قریشی نے بتایا کہ تمام دریاؤں، بیراجوں، ڈیموں اور نالہ جات میں پانی کے بہاؤ پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے۔

بقیہ 56

خان بھی موجود تھے۔ گزشتہ ماہ سابق چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ مسرت ہلالی کے سپریم کورٹ کا جج بننے کے بعد جسٹس محمد ابراہیم کو قائم مقام چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ مقرر کیا گیا تھا، جوڈیشل کمیشن نے ان کی مستقل تعیناتی کی سفارش کی تھی جس کی صدر نے منظوری دے دی تھی

بقیہ 57

بڈھانوی نے خلیفہ حاجی محمد بشیر ساگوں کی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر قیوم قمر، عامر بشیر انقلابی، طیب چوہدری، قیوم شاکر ایڈووکیٹ، رضوان قیوم، چیئرمین قربان دلشاد بھی ہمراہ تھے جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر و جمیل عطاء کریں۔

بقیہ 58

5 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ افتخار علی سہو نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں ملتان کیڈٹ کالج کے قیام کیلئے 1 ارب 91 کروڑ 11 لاکھ 45 ہزار روپے، فیصل آباد میں اولڈ جھل کھنوآنہ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی بحالی، ڈسٹری بیوشن سنٹر کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 7 ارب 75 کروڑ 13 لاکھ روپے اور ساہیوال نارتھ زون میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تعمیر (ترمیمی) کیلئے 2 ارب 43 کروڑ 24 لاکھ 60 ہزار روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ نادر چٹھہ سمیت چیف اکانومسٹ پی اینڈ ڈی، محکمہ جات کے اعلی افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ 59

یمنی باشندے نہ صرف ویڈیو بنائی بلکہ ساتھ سعودی عرب کی شاندار سروس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دلچسپ تبصرہ بھی کیا۔ یمنی کمنٹیٹر نے ویڈیو میں بول رہا ہے وہ 12 میٹر کی بلندی سے گرا اور بھیڑ کی وجہ سے ایئر ایمبولینس کو بلایا گیا اور اس نے 15 منٹ میں پہنچ کر اس کی جان بچائی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سماجی روابط کی ویب گاہوں کے صارفین نے اس ویڈیو اور اس میں کیے گئے تبصروں پر بڑے پیمانے پر کمنٹس کیے۔ یمنی باشندہ مملکت سعودی عرب میں انسانی زندگی میں بڑی دلچسپی کے بارے میں تعریفی کلمات ادا کر رہا ہے۔

بقیہ 60

ماحول کو آلودگی سے بچانے سے متعلق آگہی پیدا کرنا ہے اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات منعقد ہوں گی جس میں ماہرین ایٹمی ہتھیاروں کی تباہ کاریوں کے متعلق تفصیلی لیکچر دیں گے

بقیہ 61

زنہیں، ایسے اداروں اور افراد کے خلاف فوری کارروائی کی جانی چاہئیے۔ ادھر امریکی کرنسی کا اڑان کا نہ رکنے والا سلسلہ تاحال جاری ہے، کاروباری ہفتے کے آخری روز انٹربینک میں ڈالر 53 پیسے مہنگا ہونے کے انٹربینک میں امریکی کرنسی 300 روپے 75 پیسے پر ٹریڈ کر رہی ہے جب کہ گزشتہ روز کاروباری دن کے اختتام پر انٹربینک میں ڈالر 300 روپے 22 پیسے پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب پاکستان سٹاک ایکسچینج سٹاک مارکیٹ میں بھی مندی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے اور پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے دوران 110 پوائنٹس کی کمی ہوئی ہے جس کے بعد 100 انڈیکس 47 ہزار 640 کی سطح پر ٹریڈ کر رہا ہے

بقیہ 62

سینٹ قائمہ کمیٹی میں کہا سکیورٹی افسر نے بتایا کہ ان کے فون میں ساڑھے پانچ ہزار ویڈیوز موجود ہیں، نازیبا حرکت پر سکیورٹی والوں کو کہا جاتا تھا ویڈیوز بنا کر دیں، انکوائری کمیٹی کی جانب سے نگران وزیر اعلی محسن نقوی کو بتایا گیا کہ یونیورسٹی کے چیف سکیورٹی افیسر، پروفیسر اور ایک ملازم طالبات کو ہراساں کرتے رہے، یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے شکایت پر کوئی کارروائی نہ کی، بزدار دور میں وزیر اعلی انسپکشن ٹیم نے وائس چانسلر کو نکالنے کی سفارش کی تھی، طالبات نے وائس چانسلر کو لیٹر بھیجے مگر وائس چانسلر والدین کو بلانے کا کہتے رہے۔ ادھر حساس اداروں کی تحقیقاتی رپورٹ بھی سامنے آ چکی ہے، جس میں طارق بشیر چیمہ کے بیٹے ولی داد کا دوست آئس سمگلر احسان جٹ کے نیٹ ورک کی کارستانی سامنے آ گئی، احسان جٹ کی تقریباً سات سال پہلے ولی داد سے دوستی ہوئی، ولی داد کی مدد سے احسان جٹ نے کچھ خواتین کو منشیات گینگ میں شامل کیا، ان خواتین میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی خواتین شامل ہیں، مذکورہ خواتین خود بھی آئس کا نشہ کرتی ہیں اور طالبات کو بھی نشہ فراہم کرتی ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ احسان جٹ نے مالی طور پر مستحکم ہونے کے بعد آئس کی سپلائی یونیورسٹی اور بہاولپور شہر میں بھی شروع کر دی، احسان جٹ کی سرپرستی میں آئس مقامی طور پر تیار ہونا شروع ہوئی، احسان جٹ نا صرف پولیس بلکہ سپیشل برانچ اور آئی بی کے لوگوں کو بھی منتھلی بھیجتا تھا، مذکورہ منشیات گینگ کی دو سال پہلے بھی انکوائری حساس ادارے کی جانب سے کی جا چکی ہے۔ اس حوالے سے سابق وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ کا کہنا تھا کہ میرے بیٹے میں ایسا کوئی عیب ثابت ہو جائے تو میں خود اسے گھر سے نکال دوں گا، سیاسی مخالفین مجھے اسلامیہ یونیورسٹی کے معاملے میں شامل کر رہے ہیں

بقیہ 63

ہوٹل اور متعدد دکانوں کی چھتوں کو نقصان پہنچا، جبکہ کئی دیواریں گر گئیں۔ دھماکے کے باعث قریب کھڑی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں جائے وقوع پر پہنچ گئی ہیں۔

بقیہ 64

یقین دہانی کروائی گئی ہے۔

بقیہ 65

پیر تک ملتوی کر دی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز طبیعت ناسازی کے باعث عدالت میں پیش نہ ہوئے اور معاون وکیل نے بتایا کہ امجد پرویز علیل ہیں۔ چیف جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ بہت سنجیدہ معاملہ ہے، وہ آج کیوں نہیں آئے؟۔ معاون وکیل نے کہا کہ امجد پرویز کی طبیعت خراب ہیں، اس لیے میں پیش ہوا ہوں۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ ضمانت کا معاملہ چل رہا ہے، یہ غلط بات ہے۔ امجد پرویز کے معاون وکیل نے کہا کہ ایسے حالات تو کسی کے ساتھ بھی ہو سکتے ہیں۔ عمران خان کے وکیل لطیف کھوسہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ جی نہیں، ایسا کسی کے ساتھ نہیں ہو سکتا

بقیہ 66

کیساتھ فلڈ ریسکیو آپریشن کر رہی ہیں، 152 ریسکیو روٹین ڈیوٹی کیعلاوہ فلڈ آپریشن پہ ایمرجنسی سروسز فراہم کر رہے ہیں جبکہ اٹاری، پوران، باقر کے مہار، جمال کوٹ، پانا مہار، ہیڈ سلیمانکی، دراز کے، مہلو شیخو کا، نامہ حیدیکا، خیر آباد، رتیکی میں آپریشن جاری ہے۔ ظفر اقبال نے بتایا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں میں 882 لوگوں کا انخلاء اور 86 لوگوں کو ٹرانسپورٹ کیا گیا ہے۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز نے دن رات آپریشن کرنے والے ریسکیو کی کارکردگی کو سراہا۔

موجودہ حالات کے ذمہ دار سیاستدان، ن لیگی حکومت 1 سال میں کچھ نہ کر سکی، شاہد خاقان عباسی

آج ملک کے ادارے آپس میں دست و گریباں ہیں، چیف الیکشن کمشنر صدر سے اور صدر پارلیمان سے لڑ رہے ہیں، سابق وزیراعظم

ملک کو 3 صاف وشفاف الیکشن دے دیں، مسائل ٹھیک ہو جائیں گے، آج تنخواہوں سے زیادہ بجلی کے بلز آ رہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وزیراعظم نے کہا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے 4 سال کچھ نہیں کیا اور ن لیگ کی حکومت بھی 1 سال کچھ نہیں کر سکی۔ اپنے ایک بیان میں ن لیگی رہنما شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ جس ملک میں سیاسی انتشار ہو وہ ملک نہیں چل سکتے، جب تک سیاستدان، اسٹیبلشمنٹ اور تمام سٹیک ہولڈرز ایک ساتھ نہیں بیٹھتے، مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک کے ادارے آپس میں دست و گریباں ہیں، چیف الیکشن کمشنر صدر سے اور صدر پارلیمان سے لڑ رہے ہیں، ملک کو 3 صاف و شفاف الیکشن دے دیں، مسائل ٹھیک ہو جائیں گے، آج تنخواہوں سے زیادہ بجلی کے بلز آ رہے ہیں، ملک کیسے چلے گا، ہماری حکومتیں آسان فیصلے کرتی ہیں جبکہ ضرورت مشکل اور بہترین فیصلے کرنے کی ہے (بقیہ نمبر 33)

فیصل آباد: سانحہ جڑانوالہ کے 2 مرکزی ملزموں کا مزید ریمانڈ دے دیا گیا

الیکشن ایکٹ کے تحت انتخابات کی تاریخ میں صدر کا کوئی کردار نہیں، کنور دلشاد

کنور دلشاد کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کے خط کو وزارتِ قانون بھجوایا گیا اور وزارتِ قانون کا بھی وہی مقف آیا

انتخابی شیڈول کے بعد بھی 2 ماہ لگیں گے، مجھے آئندہ عام انتخابات مئی 2024 سے پہلے ہوتے نظر نہیں آ رہے ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن کے سابق سیکریٹری کنور دلشاد نے کہا ہے کہ الیکشن ایکٹ کے تحت انتخابات کی تاریخ میں صدرِ مملکت کا کوئی کردار نہیں۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے نگراں وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر برائے قانون کنور دلشاد کا کہنا تھا کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی سیکشن 57 کے تحت الیکشن کمیشن نے صدر کے خط کا جواب دیا، الیکشن کمیشن کا مضبوط مقف یہی ہے کہ صدرِ مملکت سے مشاورت بے سود ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کا مقف آئین اور قانون کے مطابق درست ہے، صدرِ مملکت الیکشن کمیشن کے مضبوط مقف کے سامنے کوئی کارروائی کرنے کے مجاز نہیں۔ کنور دلشاد کا مزید کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن کے خط کو وزارتِ قانون بھجوایا گیا اور وزارتِ قانون کا بھی وہی مقف آیا، صدرِ مملکت نے جو مشق کی ہے وہ غیر (بقیہ نمبر32)

لاہور: لاہور میں بارش سے بجلی کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر، 200 فیڈر ٹرپ کرگئے

سپریم کورٹ، بچوں کی اسمگلنگ اور اغواء کیخلاف ازخود نوٹس سماعت کیلئے مقرر

چیف جسٹس پاکستان کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 31 اگست کو سماعت کرے گا

اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرلز سمیت تمام فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے گئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ میں بچوں کے اغواء کیخلاف 31 اگست کو سماعت ہو گی۔ تفصیلات کے مطابق بچوں کی اسمگلنگ اور اغواء کے معاملے پر اہم پیشرفت ہوئی ہے، سپریم کورٹ نے از خود نوٹس سماعت کیلئے مقرر کر دیا۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 31 اگست کو سماعت کرے گا، بینچ کے دیگر ارکان میں جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس جمال خان مندوخیل شامل ہیں۔ رجسٹرار آفس سپریم کورٹ نے اہم کیس کی سماعت کیلئے اٹارنی جنرل اور (بقیہ نمبر 34)

دریائے ستلج میں اونچے درجے کا سیلاب، کئی شہر متاثر ہونے کا خدشہ، سکول بند

بہاولپور میں دریائی بیلٹ کی کئی بستیوں سے لوگ محفوظ مقامات پر منتقل ہو گئے

بورے والا کے مقام پر بھی پانی کی سطح میں اضافے سے متعدد چھوٹے بند ٹوٹ گئے

بہاولپور (جنرل رپورٹر) دریائے ستلج میں اونچے درجے کے سیلاب کے باعث پنجاب کے مختلف علاقوں عارف والا، بہاولنگر اور چشتیاں میں بستیاں ڈوبنے کے بعد لودھراں کی دریائی بیلٹ بھی سیلاب کے نشانے پر ہے۔ دریائے ستلج میں میلسی سائفن کے مقام پر پانی کے بہاؤ میں تیزی سے اضافے کے باعث 40 موضع جات اور سینکڑوں بستیوں کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ سیلاب کی وجہ سے 24 سکول بند کر دیئے گئے ہیں جبکہ محکمہ تعلیم نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں چھٹیاں غیر معینہ مدت (بقیہ نمبر35)



لاہور: مسلم لیگ ن کا حلقہ بندیوں کے بعد جلد از جلد انتخابات کا مطالبہ

اسسٹنٹ کمشنر خانپور کی جب میں کھلی کچہری، عوام کے مسائل سنے

کھلی کچہری کیا نعقاد کا بنیادی مقصد عوام کیمسائل کو انکی دہلیز پر حل کرنا ہیا سسٹنٹ کمشنر

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر خانپور نے جب میں کھلی کچہری کا انعقاد کر کے عوام کے مسائل سنے اور حل کرنیکی ہدایت دی، ڈپٹی کمشنر ہری پور کیپٹن (ر) عون حیدر گوندل کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خانپور زہرہ نور نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول جب میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں مختلف محکموں کیافسران سمیت علاقہ مکینوں کی کثیر تعداد نیشرکت کی اور اسسٹنٹ کمشنر کو اپنی شکایات اور مسائل سیآگاہ کیا جس پر انھوں نے متعلقہ محکموں کو شکایات اور مسائل حل کرنے کی (بقیہ نمبر40)

نگران وزیر اعلیٰ سندھ کی تعیناتی کیخلاف درخواست ناقابلِ سماعت قرار

کراچی (نیوز رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ سندھ کی تعیناتی کیخلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں نگران وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس ریٹائرڈ مقبول باقر کی تعیناتی کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی، چیف جسٹس احمد علی شیخ کی سربراہی میں بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے درخواست (بقیہ نمبر39)

جیل میں عمران خان کی زندگی کو سنگین خطرات لاحق ہیں، بشریٰ بی بی

عمران خان جدوجہد میں ہر قربانی اور مشکل کا سامنا کرنے کیلئے پرعزم ہیں، بیانِ حلفی

جیل میں سابق وزیراعظم کی صحت خراب ہو رہی ہے اور دورانِ قید انکا وزن بھی کم ہو رہا ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) بشریٰ بی بی نے سپریم کورٹ سے عمران خان کی جیل میں حالت پر نوٹس لینے کی اپیل کر دی۔ تفصیلات کے مطابق عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے سویلین کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کیخلاف کیس میں سپریم کورٹ میں اپنا بیانِ حلفی جمع کروا دیا، بشریٰ بی بی کی جانب سے بیانِ حلفی حامد خان ایڈووکیٹ نے جمع کروایا۔ بشریٰ بی بی نے بیانِ حلفی میں کہا کہ جیل میں عمران خان کی زندگی کو سنگین خطرات لاحق ہیں، 70 سالہ شخص کی گرتی صحت ان کی زندگی کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ عمران خان سے 22 اگست کو جیل میں ملاقات ہوئی، چیئرمین پی ٹی آئی آئین اور قانون کی حکمرانی کیلئے کھڑے ہیں۔ بیانِ حلفی کے مطابق عمران خان جدوجہد میں ہر قربانی اور مشکل کا سامنا کرنے کیلئے پرعزم ہیں، جیل میں سابق وزیراعظم کی صحت خراب ہو رہی ہے اور دورانِ قید انکا وزن بھی کم ہو رہا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز سپریم کورٹ نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی اپیل پر سماعت آئندہ (بقیہ نمبر38)

ایس ای زیڈ علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی سے برآمدات کا آغاز ہوگیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کے سب سے زیادہ صنعتی صوبے پنجاب میں علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی (اے آئی آئی سی) اسپیشل اکنامک زون (ایس ای زیڈ) سے برآمدات کا آغاز ہوگیا ہے۔ چینی کمپنی گرین کراکری نے برطانیہ کو ایک کروڑ روپے مالیت کی کراکری برآمد کر کے کامیابی حاصل کی۔ گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے گرین کروکری (بقیہ نمبر37)

پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں سے 8 ہزار سے زائد افراد محفوظ مقام پر منتقل

قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر، وہاڑی میں ریسکیو ٹیمیں امدادی کاموں میں مصروف

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب کے متعدد اضلاع میں سیلاب زدہ علاقوں میں ریسکیو کی امدادی کارروائیاں جاری۔ ترجمان ریسکیو کا کہنا ہے کہ قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر، وہاڑی میں ریسکیو ٹیمیں امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ ترجمان کا سیلابی علاقوں میں ریسکیو کی 425 کشتیاں، 1660 اہلکار سروسز فراہم کر رہے ہیں 24 گھنٹوں میں 8484 لوگوں کا انخلا، 420 افراد کی ٹرانسپورٹیشن، 341 جانوروں کو محفوظ مقام پہ منتقل کیا گیا۔ قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہا (بقیہ نمبر 36)

ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر متعلقہ کالرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

شہریوں سے اپیل ہے ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری کالز سے اجتناب کریں

تنبیہ کے باوجود غیر متعلقہ کالز کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج ہونگے، ایس پی اوپس شفیق

لاہور (نیوز رپورٹر) ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر متعلقہ کالرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ایس پی اوپس شفیق کے مطابق ہر ماہ 200 ٹاپ غیر متعلقہ کالرز کو تنبیہ کیلئے کال بیک کی جا رہی ہے، تنبیہ کے باوجود 15 پر غیر متعلقہ کالز کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ 15 ایمرجنسی نمبر پر روزانہ کی بنیاد پر 70 سے 80 ہزار کالز موصول ہوتی ہیں، ایمرجنسی ہیلپ لائن پر ہر ماہ 6 سے 7 لاکھ غیر متعلقہ کالز کی جا رہی ہیں، غیر متعلقہ کالز کی وجہ سے ون فائیو ایمرجنسی نمبر مسلسل مصروف رہتا ہے، 15 ایمرجنسی نمبر کے ناجائز استعمال سے سنگین صورتحال میں پھنسے شہریوں کی امداد میں تاخیر ہوتی ہے، ایمرجنسی ہیلپ لائن مصیبت میں مبتلا شہریوں کی سہولت کیلئے حکومت کی ایک فری سروس ہے، شہریوں سے اپیل ہے ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر غیر ضروری کالز سے اجتناب کریں۔ ایمرجنسی ہیلپ لائن پر ہر ماہ 6 سے 7 لاکھ غیر متعلقہ کالز کی جا رہی ہیں، غیر متعلقہ کالز کی وجہ سے ون فائیو ایمرجنسی نمبر مسلسل مصروف رہتا ہے، 15 ایمرجنسی نمبر کے ناجائز استعمال سے سنگین صورتحال میں پھنسے شہریوں (بقیہ نمبر41)

وومن چیمبر آف کامرس ضلع ساؤتھ کے زیر اہتمام نجی کلب میں ''خواتین انٹر پرینیور'' تقریب کا اہتمام کیا گیا

کراچی (نیوز رپورٹر) خواتین کو صرف کاروبار کرنے کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کرنے میں بھی مدد کرنی چاہیے تاکہ وہ مالی امور میں بھی کامیابی حاصل کر سکیں خواتین کا مجموعی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کے لئے ان کا فعال حصہ اور حب ہونا بے حد ضروری ہے ان خیالات کا اظہار سابقہ ایم این اے شاہدہ رحمانی وومن چیمبر آف کامرس ضلع ساؤتھ کے زیر اہتمام نجی کلب میں منعقدہ ''خواتین انٹر پرینیور'' سیمینار میں کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ خواتین کے حقوق اور مشقتیں شناخت کرانے کی عظیم (بقیہ نمبر42)

ڈھوک سیداں برف خانہ واقع کرسچن کالونی میں گزشتہ رات گئے خوف نے مسیحیوں کو گھر خالی کر کے محفوظ مقام پر پناہ لینے پر مجبور کر دیا،

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق جمعہ کی رات ڈھوک سیداں برف خانہ میں واقع کرسچن کالونی چک جلال دین میں کسی شرپسند نے افواہ پھیلائی کے چند شرپسند عناصر کی جانب سے کرسچن کالونی کو جلایا جائے گا یہ خبر سنتے ہی کرسچن کالونی کے مکینوں نے رات گئے کالونی خالی کر دی۔ راولپنڈی پولیس ترجمان کے مطابق پولیس کے (بقیہ نمبر43)

آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کا بجلی کے بلوں پر لگائے گئے بھاری ٹیکسز پر اپنے تحفظات کا اظہار

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کا بجلی کے بلوں پر لگائے گئے بھاری ٹیکسز پر اپنے تحفظات کا اظہار۔ اپسما شمالی پنجاب کے صدر ابرار احمد خان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کم فیس کے حامل تعلیمی ادارے مہنگائی کی اس شدید لہر سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں اور ان کی بقا خطرے سے دوچار ہوگئی (بقیہ نمبر44)

بجلی بلوں کیخلاف احتجاج، آئیسکو کی درخواست پر سیکیورٹی کیلئے 500 اہلکار تعینات

خط میں کہا گیا ہے کہ صورتحال گھمبیر ہے، امن و امان کی خرابی پیدا ہوسکتی ہے، آئیسکو کے اثاثوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے

بجلی کے بڑھتے بلوں کے خلاف احتجاج کی وجہ سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے دفاتر پر حملوں کے خدشہ کے پیش نظر پولیس کی نفری مانگ لی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) بجلی کے بڑھتے بلوں کے خلاف احتجاج کی وجہ سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے دفاتر پر حملوں کے خدشہ کے پیش نظر پولیس کی نفری مانگ لی۔ آئیسکو نے راولپنڈی سٹی پولیس آفیسر کو خط لکھا کہ صارفین گروپس کی صورت میں آئیسکو کے مختلف دفاتر جا رہے ہیں، آئیسکو کے ملازمین کو ڈیوٹی سرانجام دینے میں مشکلات اور بے سکونی کا سامنا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ صورتحال گھمبیر ہے، امن و امان کی خرابی پیدا ہو سکتی ہے، آئیسکو کے اثاثوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، آئیسکو کے دفاتر میں پولیس کی نفری تعینات کی جائے۔ آئیسکو کی جانب سے خط ملنے پر سی پی او راولپنڈی نے (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی: بھاری بھرکم بلز بھیجنے والی بجلی کمپنیاں عوامی ردعمل سے خوفزدہ ہوگئیں

کراچی: پاکستان پیپلزپارٹی کی سینئر رہنما وسینیٹر شیری رحمان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

رضوانہ کے سر کی فلیپ یا اسکن گرافٹنگ سے متعلق فیصلہ تاحال نہ ہوسکا

چند ضروری ٹیسٹ کیے جائیں گے تاکہ بچی کی حالت میں بہتری کا اندازہ لگایا جاسکے، ڈاکٹرز

لاہور (جنرل رپورٹر) تشدد کی شکار گھریلو ملازمہ رضوانہ کے سر کی فلیپ یا اسکن گرافٹنگ سے متعلق فیصلہ تاحال نہیں ہوسکا۔ رضوانہ کو جنرل ہسپتال لاہور میں طبی سہولیات کی فراہمی کو 31 روز ہوگئے ہیں، ڈاکٹرز کے مطابق رضوانہ کے چند ضروری ٹیسٹ کیے جائیں گے تاکہ بچی کی حالت میں بہتری کا اندازہ لگایا جاسکے۔ ہسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ رضوانہ کے سر کے زخم گہرے ہیں، سرجنز کی ٹیم فلیپ یا اسکن گرافٹنگ سے متعلق فیصلہ نہیں کرسکی، البتہ پیر کے روز تمام ٹیسٹ کی روشنی میں فیصلہ کیا جائے گا۔ ڈاکٹرز کے مطابق بے ہوشی میں بچی کی سرجری کی جاتی ہے جو صحت کے لئے خطرناک ہے، اس لیے سیشنز (بقیہ نمبر 48)

حکومت کا غیر مجاز کرنسی ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت نے غیر مجاز کرنسی ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نگران وزیر خزانہ شمشاد اختر کی زیر اجلاس میں ڈالر کی بڑھتی (بقیہ نمبر 47)

عمران کے سیکرٹری کی بازیابی بارے درخواست نمٹا دی گئی

جسٹس محمد وحید خان نے کہا کہ عدالت کے علم میں آنے کے بعد آپ نے گرفتاری ڈال دی

لاہور (سٹی رپورٹر) عدالت نے عمران خان کے سیکرٹری کی بازیابی بارے درخواست نمٹا دی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ میں جسٹس محمد وحید خان نے عمران خان کے پولیٹیکل سیکرٹری سجاد علی خان کی بازیابی سے متعلق درخواست کی سماعت کی۔ عدالت میں ایس ایس پی ڈاکٹر انوش سمیت دیگر افسران پیش ہوئے، پولیس نے سجاد علی خان کو عدالت میں پیش کرتے ہوئے بتایا کہ سجاد علی (بقیہ نمبر 46)

لاہور ڈویژن کے 10 سے زائد بڑے کمرشل تھیٹرز کو ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سیل

تھیٹر مالکان اور ڈرامہ پروڈیوسرز نے بار بار وارننگز کے بعد کمشنر لاہور کو تحریری یقین دہانیاں کروائیں تھیں، عامر میر

حکومت نے ڈرامہ ایکٹ میں ترامیم کا عمل شروع کر دیا ہے اور اب بیہودگی پھیلانے والے تھیٹرز تب ہی کھولے جائیں گے

کمرشل تھیٹرز میں ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی روایتی تھیٹر کے تقدس کو پامال کر رہی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے کہا ہے کہ لاہور ڈویژن کے 10 سے زائد بڑے کمرشل تھیٹرز کو ڈرامہ ایکٹ کی خلاف ورزی پر سیل کر دیا گیا ہے جنہیں نئے قوانین کے نفاذ کے بعد کھولنے کی اجازت دی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت نے کہا کہ تھیٹر مالکان اور ڈرامہ پروڈیوسرز نے بار بار وارننگز کے بعد کمشنر لاہور کو تحریری یقین دہانیاں کروائیں تھیں کہ وہ خواتین ڈانسرز کے ذریعے فحاشی اور بیہودگی کو فروغ نہیں دیں گے تاہم یہ یقین دہانیاں جھوٹی نکلیں اور تھیٹرز میں سٹیج ڈراموں کے نام پر بے حیائی کی نئی تاریخ رقم کی جاتی رہی جس پر حکومت پنجاب نے مجبور ہو کر 10 سے زائد تھیٹرز کو سیل کر دیا۔ عامر میر نے کہا کہ قصور اور شیخوپورہ کے 4 تھیٹر مالکان کے علاوہ لاہور کے تماثیل تھیٹر، الفلاح تھیٹر، شمع تھیٹر، ناز تھیٹر، محفل تھیٹر اور ستارہ تھیٹر کے مالکان نے بھی کمشنر لاہور محمد علی رندھاوا کو تحریری ضمانت نامے جمع کروائے تھے کہ وہ بیہودہ ڈانسرز کے (بقیہ نمبر 51)

زیر حراست خاتون سے زیادتی، 3 پولیس اہلکار گرفتار

معاملہ اعلیٰ حکام کے نوٹس میں آنے پر تینوں کو گرفتار کرلیا گیا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں زیر حراست خاتون سے زیادتی کرنے والے تین پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کی تحصیل سمندری میں 3 پولیس اہلکاروں نے ایک مرد اور خاتون کو گرفتار کیا تھا جس کے بعد وہ خاتون کو تھانے کی بجائے نامعلوم مقام پر لے گئے جہاں اہلکاروں نے خاتون کے ساتھ زیادتی کی، معاملہ اعلیٰ حکام کے نوٹس میں آنے پر تینوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گرفتار پولیس ملازمین میں شجاعت بلوچ، صہیب اخلاق شامل ہیں۔ فیصل آباد میں زیر حراست خاتون سے زیادتی کرنے والے تین پولیس اہلکاروں کو گرفتار کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد کی تحصیل سمندری میں 3 پولیس اہلکاروں نے ایک مرد اور خاتون کو گرفتار کیا تھا جس کے بعد وہ خاتون کو تھانے کی بجائے نامعلوم مقام پر لے گئے جہاں اہلکاروں نے خاتون کے ساتھ زیادتی کی، معاملہ اعلیٰ حکام کے نوٹس میں آنے پر تینوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گرفتار پولیس ملازمین میں شجاعت بلوچ، صہیب (بقیہ نمبر50)

پنجاب میں معیارِ تعلیم بلند کرنے کیلئے ٹیچر ٹریننگ پالیسی تیار

لاہور (جنرل رپورٹر) پنجاب میں معیارِ تعلیم بلند کرنے کیلئے ٹیچر ٹریننگ پالیسی تیار کرلی گئی۔ ایم اے او کالج میں ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے درمیان ٹیچرز ٹریننگ کی پالیسی کی تیاری کے معاہدے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں نگران صوبائی وزیر تعلیم منصور قادر بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ ایچ ای سی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر اسد خان اور ایچ ای ڈی کے سیکرٹری جاوید اختر محمود نے ایم او یو پر دستخط کیے (بقیہ نمبر 49)


احمد پور شرقیہ: 2 کلو مچھلی کی شرط پر پنجند کینال تیر کر پار کرنے والا نوجوان زندگی کی بازی ہار گیا

دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب، دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ

دریائے سندھ میں تربیلا کالاباغ اور چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے، ترجمان پی ڈی ایم اے

ریسکیو کی جانب سے پنجاب کے سیلاب زدہ علاقوں سے ہزاروں افراد محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا، ترجمان

لاہور (خبر نگار) پنجاب کے متعدد اضلاع میں سیلاب زدہ علاقوں میں ریسکیو کی امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور اب تک ہزاروں افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا ہے۔ ریسکیو کے ترجمان کے مطابق قصور، اوکاڑہ، پاکپتن، بہاولنگر، وہاڑی میں ریسکیو ٹیمیں امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔ ترجمان کا سیلابی علاقوں میں ریسکیو کی 425 کشتیاں، 1660 اہلکار سروسز فراہم کر رہے ہیں، 24 گھنٹوں میں 8484 لوگوں کا انخلاء، 420 افراد کی ٹرانسپورٹیشن، 341 جانوروں کو محفوظ مقام پہ منتقل کیا گیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق دریائے ستلج میں ہیڈ اسلام کے مقام پر اونچے درجے کا سیلاب ہے، ہیڈ اسلام میں پانی کی آمد 136861 اور اخراج 135761 کیوسک ہے، سلیمانکی اور گنڈا سنگھ کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے، دریائے سندھ میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے، دریائے سندھ میں تربیلا کالاباغ اور چشمہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 54)

دریائے ستلج میں سیلاب، وہاڑی کے 77 دیہات زیرِ آب

لاہور (جنرل رپورٹر) ڈی جی پی آر سنٹرل فلڈ انفارمیشن سیل کے مطابق دریائے سندھ اور ستلج میں سیلابی صورتحال برقرار ہے۔ دریائے ستلج میں پانی کی سطح مزید بلند ہوئی ہے اور ضلع وہاڑی کے قریب اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ ضلع وہاڑی (بقیہ نمبر55)

انتخابات کا معاملہ پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے، شیخ رشید

تاریخ الیکشن کمیشن نے دینی ہے یا صدر نے فیصلہ ہونا باقی ہے

پٹرول، بجلی مسئلے کا حل، آٹا غریب کی قوت خرید کے قابل بنایا جائے، بیان

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سربراہ اے ایم ایل شیخ رشید نے کہا ہے کہ انتخابات کا معاملہ پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے، تاریخ الیکشن کمیشن نے دینی ہے یا صدر نے فیصلہ ہونا باقی ہے، پٹرول، بجلی مسئلے کا حل، آٹا غریب کی قوت خرید کے قابل بنایا جائے۔ سوشل میڈیا سائٹ پر بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ ملک میں انتخابات کا معاملہ پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے، تاریخ الیکشن کمیشن نے دینی ہے یا صدر نے فیصلہ ہونا باقی ہے، گیند لاء منسٹری کی کورٹ میں ہے، ڈالر ٹرپل سنچری کر چکا ہے، کھانے اور گاڑی چلانے کا تیل، بجلی کا بل اور آٹا، چینی غریب کیلئے سنگین صورت اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معاشی مشکلات سنگین ہوگئی ہیں، سعودی عرب اور چین کی امداد کے باوجود ڈالر کے مقابلے میں روپے کی گراوٹ کم نہیں ہو رہی، آئندہ 5 سال میں ہمیں 88 ارب ڈالر کی ضرورت ہے، اب ہمیں کوئی ڈالر دینے کو تیار نہیں، کچھ سمجھ نہیں آ رہی کیا ہونے جا رہا ہے، صورتحال واضح نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقار مسعود میرے ذاتی دوست ہیں، ان سے ذاتی طور پر یہ کہنا چاہوں گا پٹرول اور بجلی مسئلے کا کوئی حل نکالیں، آٹے کو غریب کی قوت خرید کے قابل بنائیں ورنہ یہ مسئلہ سنگین اور گھمبیر ہونے کے بعد کسی سے سنبھالا نہیں جائے گا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مضرِ صحت کھویا بنانے والے کارخانے پر چھاپہ 120 لیٹر دودھ 80 کلوگرام کھویا اور کیمیکل برآمد

عارف والا (نیوز رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کا مضرِ صحت کھویا بنانے والے کارخانے پر چھاپہ 120 لیٹر دودھ 80 کلوگرام کھویا اور کیمیکل برآمد تفصیلات کے مطابق ہوتہ روڈ پر پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مخبر کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مضرِ صحت کھویا کارخانے سے 120 لیٹر دودھ، 80 کلوگرام کھویا، کیمیکل برآمد کر کے مضرِ صحت تیار کھویا تلف کر دیا (بقیہ نمبر53)

شریف اور زرداری حکومتیں بجلی مہنگی ہونے کی ذمہ دار ہیں، فواد چوہدری

ان کی وجہ سے آج پاکستان کو خوفناک معاشی بحران کا سامنا ہے، سابق وفاقی وزیر

بجلی کے محکموں میں کام کرنے والے ملازمین پر تشدد کی حوصلہ افزائی نامعقول حرکت ہے

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ پاکستان کو خوفناک معاشی بحران کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بجلی کے محکموں میں کام کرنے والے ملازمین پر تشدد کی حوصلہ افزائی انتہائی نامعقول اور احمقانہ حرکت ہے۔ بجلی مہنگی ہونے کی ذمہ دار شریف اور زرداری حکومتیں ہیں، جن کی وجہ سے آج پاکستان کو خوفناک معاشی بحران کا سامنا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ غریب ملازمین پر اس کی ذمہ داری نہیں ڈالی جاسکتی اور نہ ہی تشدد مسائل کا حل ہے۔ واضح رہے کہ ملک میں بجلی کی قیمت میں اضافے کے (بقیہ نمبر52)

سعودی عرب، گرنے والے پاکستانی کیلئے ایئر ایمبولینس پہنچ گئی

ہنگامی سروسز کے عملہ نے پندرہ منٹ کے وقت میں زخمی پاکستانی کو کنگ فہد ہسپتال منتقل کر دیا، رپورٹ

اسلام آباد/ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی عرب میں ایک پاکستانی کام کے دوران 12 میٹر کی بلندی سے گر گیا۔ ساتھ کام کرنے والوں نے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کو فون کیا تو رش کے باعث عام ایمبولینس کے بجائے ہیلی کاپٹر کی صورت میں ایئر ایمبولینس کو بھیج دیا گیا۔ ہنگامی سروسز کے عملہ نے پندرہ منٹ کے وقت میں زخمی پاکستانی کو کنگ فہد ہسپتال منتقل کر دیا۔ اس سبک رفتار ریسکیو آپریشن کی ایک (بقیہ نمبر59)

والدین کا رشتہ دنیا میں سب سے انمول رشتہ ہے؛ وزیر حکومت جاوید اقبال بڈھانوی

کھوئی رٹہ (نیوز رپورٹر) وزیر حکومت جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ والدین کا رشتہ دنیا میں سب سے انمول رشتہ ہے والدین اپنا پیٹ کاٹ کر اپنے بچوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرتے ہیں اور جب والدین دنیا سے چلے جاتے ہیں اولاد سے بچھڑ جاتے ہیں تو یہ صدمہ برداشت کرنا اولاد کے لیے ممکن نہیں ہوتا ان خیالات کا اظہار وزیر حکومت جاوید اقبال (بقیہ نمبر 57)

صوبائی ورکنگ پارٹی اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 12 ارب روپے سے زائد فنڈز کی منظوری

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 24-2023 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے بارہویں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 3 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 12 ارب 9 کروڑ 49 لاکھ (بقیہ نمبر 58)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے خلاف عالمی دن 29 اگست کو منایا جائے گا

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے خلاف عالمی دن 29 اگست کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات سے نسل انسانی پر مرتب ہونے والے منفی اثرات اور (بقیہ نمبر 60)

چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ نے عہدے کا حلف اٹھالیا

گورنر حاجی غلام علی نے جسٹس محمد ابراہیم سے ان کے عہدے کا حلف لیا

جوڈیشل کمیشن نے ان کی مستقل تعیناتی کی سفارش کی تھی، جس کی صدر نے منظوری دے دی تھی

پشاور (سٹی رپورٹر) جسٹس محمد ابراہیم نے چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ تفصیلات کے مطابق نئے چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کی تقریب حلف برداری گورنر ہاؤس خیبر پختونخوا میں ہوئی، گورنر حاجی غلام علی نے جسٹس محمد ابراہیم سے ان کے عہدے کا حلف لیا، اس موقع پر نگران وزیراعلیٰ اعظم خان بھی موجود تھے۔ گزشتہ ماہ سابق چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ مسرت ہلالی کے سپریم کورٹ کا جج بننے کے بعد جسٹس محمد ابراہیم کو قائم مقام چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ مقرر کیا گیا تھا، جوڈیشل کمیشن نے ان کی مستقل تعیناتی کی سفارش کی تھی جس کی صدر نے منظوری دے دی تھی۔ گورنر حاجی غلام علی نے جسٹس محمد ابراہیم سے ان کے عہدے کا حلف لیا، اس موقع پر نگران وزیراعلیٰ اعظم (بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد: سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی سے سردار ریافت کڑلال اور ملک شکیل اعوان کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی سے اسلام آباد میں سردار ریافت کڑلال اور ملک شکیل اعوان کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی سے سردار ریافت کڑلال اور ملک شکیل اعوان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مجھوہاں گاں کے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی جس پر مرتضیٰ جاوید عباسی نے مجھوہاں گاں کے روڈ اور بجلی کا کام جلد مکمل کرنے کی (بقیہ نمبر 64)

عمران خان کی بہنوں نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی

سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل نے چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کرانے سے انکار کر دیا

عدالت عمران خان سے ملاقات کی اجازت دینے کا حکم دے، درخواست میں استدعا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عمران خان کی بہنوں نے عدالت سے رجوع کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی ہے، درخواست میں وفاق کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ علیمہ خان اور عظمیٰ خان عمران خان سے ملاقات کرنا چاہتی ہیں۔ جمعرات کو چیئرمین پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل سے رابطہ کیا، مگر سپرنٹنڈنٹ اٹک جیل نے سابق وزیراعظم سے ملاقات کرانے سے انکار کر دیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت عمران خان سے ملاقات کی اجازت دینے کا حکم دے۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائیکورٹ نے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کی سزا معطلی کی درخواست پر سماعت (بقیہ نمبر 65)

کراچی: لسبیلہ چوک میں ہوٹل کے قریب سیوریج میں گیس بھرنے سے دھماکہ، 7 افراد زخمی

کراچی (نیوز رپورٹر) لسبیلہ میں سیوریج لائن میں دھماکہ ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لسبیلہ چوک میں ہوٹل کے قریب سیوریج میں گیس بھرنے سے دھماکہ ہوا، ریسکیو حکام کے مطابق گیس دھماکے کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہو گئے۔ دھماکے سے (بقیہ نمبر63)

سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر کا اٹاری، دریائے ستلج، اوکاڑہ کا دورہ

اوکاڑہ (نیوز رپورٹر) ترجمان ریسکیو پنجاب کے مطابق سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے اٹاری، دریائے ستلج، اوکاڑہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ریسکیو اوکاڑہ ظفر اقبال نے فلڈ ریسکیو آپریشن کی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 کی 40 بوٹ، آپریٹر (بقیہ نمبر 66)

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے ٹریبونل تشکیل

پنجاب حکومت نے جسٹس سرفراز ڈوگر پر مشتمل ٹریبونل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (نیوز رپورٹر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اسکینڈل کی تحقیقات کیلئے ٹریبونل تشکیل دے دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں طالبات کو ہراساں کرنے سے متعلق اسکینڈل سامنے آیا تھا، اب بہاولپور اسکینڈل تحقیقات کے لیے جسٹس سرفراز ڈوگر پر مشتمل ٹریبونل تشکیل دیا گیا ہے، پنجاب حکومت نے ٹریبونل کی تشکیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے نئے وائس چانسلر نے نیا پنڈورا باکس کھول دیا، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے نئے وائس چانسلر نے (بقیہ نمبر62)

راولپنڈی: بڑھتے بلوں کے خلاف احتجاج کی وجہ سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے دفاتر پر حملوں کے خدشہ کے پیش نظر پولیس کی نفری مانگ لی

ڈالر کی اڑان روکنے کیلئے نگران حکومت کا غیر مجاز کرنسی ڈیلرز کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

نگران وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر نے ڈالر کی بڑھتی ہوئی قیمت کو روکنے کیلئے لائحہ عمل بنانے کی ہدایت کر دی

آخری روز انٹر بینک میں ڈالر 53 پیسے مہنگا ہونے کے انٹر بینک میں امریکی کرنسی 300 روپے 75 پیسے پر ٹریڈ کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) امریکی کرنسی ڈالر کی بڑھتی ہوئی اُڑان کو روکنے کیلئے نگراں حکومت نے غیر مجاز کرنسی ڈیلرز کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا، ایف آئی اے ایسے تمام اداروں اور افراد کے خلاف کارروائی کرے گا۔ میڈیا کے مطابق نگراں وزیر خزانہ ڈاکٹر شمشاد اختر کی زیر صدارت اجلاس میں ڈالر کی بڑھتی قیمت اور امریکی کرنسی کی بیرون ملک اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں مرکزی بینک کے نمائندوں کے علاوہ وزارت خزانہ، ایف بی آئی اور کسٹمز انٹیلی جنس سے وابستہ افسران نے بھی شرکت کی، جہاں شرکاء کو بتایا گیا کہ ڈالر کی قیمت بڑھنے کی ایک بڑی وجہ ملک سے ڈالرز کی اسمگلنگ بھی ہے۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اجلاس کے شرکاء نے ڈالرز کی اسمگلنگ میں غیر ملکی کرنسی کا کاروبار کرنے والے افراد کے کردار پر غور کیا، اس موقع پر مرکزی بینک کے نمائندے نے بتایا کہ ڈالرز کی اسمگلنگ میں زیادہ تر ایسے ادارے ملوث ہیں جو غیر ملکی کرنسی کی ڈیلنگ کے مجا (بقیہ نمبر 61)

ایڈیٹر انچیف ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035